# خواتین کے مالی حقوق

## شریعتِ اسلامی کی روشنی میں


مولانا خالد سیف اللہ رحمانی

(سکریٹری آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ)



شائع کردہ

دفتر آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ

76A/1، مین بازار، اوکھلا گاؤں، جامعہ نگر، نئی دہلی-۲۵

Ph: +91-11-26322991, 26314784

E-mail: aimplboard@gmail.com / www.aimplboard.in

(© جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ)


| | |
|---|---|
| نام کتاب | خواتین کے مالی حقوق<br>شریعت اسلامی کی روشنی میں |
| مؤلف | مولانا خالد سیف اللہ رحمانی |
| طبع اول | فروری ۲۰۰۸ء |
| طبع دوم | مارچ ۲۰۱۳ء |
| طبع سوم | جون ۲۰۱۷ء |
| تعداد اشاعت | پانچ ہزار |
| صفحات | ۶۴ |
| قیمت | ۴۰/روپے |

ناشر

آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ - نئی دہلی

# فہرست مضامین


پیش لفظ : (حضرت مولانا محمد ولی رحمانی صاحب دامت برکاتہٗ) ۵
ابتدائیہ : (مؤلف) ۶
پہلا باب :
میراث، ہبہ ووصیت اور خواتین ۱۰
○ حق میراث اور خواتین ۱۰
عورت کا حصہ مرد کے مقابلہ نصف ۱۲
مردوں کے برابر حصہ ۱۲
مردوں سے زیادہ حصہ ۱۴
جب صرف عورت وارث بنتی ہے ۱۵
خواتین کا کم حصہ، کب اور کیوں؟ ۱۵
حق میراث ادا نہ کرنے کا گناہ ۱۷
○ ہبہ ۱۷
○ وصیت ۱۸
دوسرا باب :
خواتین کا نفقہ اور ضروریاتِ زندگی ۲۰
○ نفقہ سے مراد ۲۰
خوراک ۲۰
پوشاک ۲۴
علاج ۲۶
خادم ۲۹
رہائش ۳۱
تجہیز وتکفین ۳۳
○ نفقہ پانے والے رشتہ دار ۳۴
ماں کا نفقہ ۳۴

بیٹی کا نفقہ ۳۵
بیوی کا نفقہ ۳۶
جائز حق کی بنا پر اپنے آپ کو روک لے؟ ۳۷
گذرے ہوئے دنوں کا نفقہ ۳۸
اگر شوہر نفقہ ادا کرنے پر قادر نہ ہو ۳۹
قدرت کے باوجود نفقہ ادا نہیں کرے؟ ۴۰
طلاق کے بعد ۴۱
○ دوسری رشتہ دار خواتین کا نفقہ ۴۳
تیسرا باب :
مہر — ایک اہم شرعی حق ۴۴
مہر کی مقدار ۴۴
سونے چاندی میں مہر ۴۷
مہر — شوہر پر ایک قرض ۴۸
اگر مہر ادا کرنے کی نیت نہ ہو ۴۸
ترکہ میں پہلے مہر ادا کیا جائے ۵۰
○ جہیز کی شرعی حیثیت ۵۱
چوتھا باب :
خواتین اور کسبِ معاش کے ذرائع ۵۴
○ کسبِ معاش کی مختلف صورتیں ۵۵
تجارت ۵۶
کاشتکاری اور باغبانی ۵۶
صنعت وحرفت ۵۷
کرایہ وملازمت ۵۸
سرمایہ کاری ۵۹
پانچواں باب :
خواتین اور املاک میں تصرف کا حق ۶۱

# پیش لفظ

اسلام کا نظام ایسا ہمہ گیر نظام ہے جس میں مرد و خواتین ہر ایک کو پورا پورا حق اور آزادی دی گئی ہے، جہاں یہ اخلاق کریمانہ کی تعلیم دیتا ہے وہیں انصاف وعدل کی نہ صرف بات کرتا ہے بلکہ پوری طرح اس پر عمل کرنے کی بھی تعلیم دیتا ہے، اور سماج کے ہر معاملہ میں شریعت اسلامی مکمل رہنمائی کرتی ہے، خواہ وہ عائلی مسائل ہوں یا سماجی و سیاسی اسلام کے نظام پر جو شخص عمل پیرا ہوتا ہے وہ یقیناً دین و دنیا دونوں جہاں میں سرخروئی حاصل کرتا ہے۔

اسلام مخالف طاقتیں رہ رہ کر اسلامی قانون کے خلاف اپنی آواز بلند کرتی ہیں خاص طور پر عائلی مسائل کے تعلق سے اور اسمیں بھی خواتین کے میراث کے تعلق سے بے بنیاد اور من گھڑت الزامات عائد کرتی رہتی ہیں۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کو ہمارے بزرگوں نے شریعت اسلامی کے قوانین کے تحفظ کے لئے ہی قائم کیا ہے اور وقتاً فوقتاً اس طرح کے مسائل پر رسائل کی طباعت اور پورے ملک میں پھیلانے کا کام کرتا ہے اور بوقت ضرورت عوامی بیداری کی غرض سے تحریک بھی چلاتا ہے، ضرورت تھی کہ خالص خواتین کے مالی حقوق کے موضوع پر شریعت اسلامی کی روشنی میں ایک مختصر رسالہ تیار کیا جائے۔ بورڈ کے سکریٹری جناب مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب نے اس تشنگی کو دور کرتے ہوئے ایک جامع رسالہ کئی سال پہلے تیار کیا اب تک اس کے کئی ایڈیشن اردو، ہندی اور انگریزی میں طبع ہو چکے ہیں اور مقبولیت بھی حاصل ہوئی ہے، اب اس کا تازہ ایڈیشن آپ کی خدمت میں پیش ہے۔ اللہ تعالیٰ مؤلف کتاب کو جزائے خیر دے اور ان کی اس کاوش کو قبول فرمائے نیز ملت اسلامیہ کے لئے مفید تر بنائے۔

۲۰ رجب المرجب ۱۴۳۸ھ — محمد ولی رحمانی

۷ اپریل ۲۰۱۷ء — جنرل سکریٹری آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ

# ابتدائیہ

''آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ'' اُمتِ اسلامیہ ہند کے لئے اللہ کی طرف سے اتنی بڑی نعمت ہے کہ عالم اسلام کے مسلمان بھی اسے رشک کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں، یہ اس ملک میں مسلمانوں کی وحدت کا نشان ہے، جس کے سایہ میں مسلمانوں کے تمام فرقے، جماعتیں اور تنظیمیں جمع ہیں۔

بورڈ کا بنیادی مقصد شریعتِ اسلامی کا تحفظ ہے، تحفظ شریعت کی یہ تحریک تین پہلوؤں سے کام کررہی ہے، ایک قانونی پہلو سے، اس کے لئے عدالتوں میں مقدمات کی پیروی کی جاتی ہے اور سیاسی کوششوں کے ذریعہ مخالف شریعت قانون کی تنسیخ اور شریعت کے موافق قانون کے اجراء کی سعی کی جاتی ہے، دوسری جہت مسلمانوں کی ذہن سازی کی ہے، کہ وہ رضا کارانہ طور پر اپنی سماجی زندگی کو شریعت کے سانچہ میں ڈھالیں؛ کیوں کہ شریعت کا اصل تحفظ یہی ہے کہ ہماری عملی زندگی کا رشتہ اس سے قائم رہے، تیسرا پہلو قانون شریعت کی تفہیم کا ہے، یعنی مسلمانوں کو بھی اور برادرانِ وطن کو بھی یہ حقیقت سمجھائی جائے کہ شریعتِ اسلامی پوری طرح عقل و مصلحت کے مطابق اور قانون فطرت سے ہم آہنگ ہے، گذشتہ چند سال سے اس پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور اس کے بہتر اثرات مرتب ہورہے ہیں۔

اس سلسلہ میں بار بار خواتین کے مالی حقوق اور خاص کر حق میراث کے سلسلہ میں آواز اٹھائی جاتی ہے، چنانچہ مخدومی امیر شریعت حضرت مولانا سید نظام الدین صاحب دامت برکاتہم جنرل سکریٹری بورڈ نے اس حقیر کو حکم فرمایا کہ ایک رسالہ خاص اس موضوع پر مرتب کردیا جائے، تاکہ خواتین کے حقوق اور اس سلسلہ میں قانون شریعت کی مصلحتیں اچھی طرح واضح ہوجائیں، یہ رسالہ اسی حکم کی تعمیل ہے۔

اس رسالہ کو بحیثیتِ مجموعی میں نے چار مختصر ابواب میں تقسیم کیا ہے، پہلے باب میں میراث اور ہبہ و وصیت سے متعلق خواتین کے حقوق کا ذکر ہے، اس میں راقم الحروف نے مختلف

حالتوں میں خواتین کے حق میراث کے سلسلہ میں ، مصری نژاد فاضل ڈاکٹر صلاح الدین سلطان (مشیر مذہبی امور، بحرین) کے رسالہ ''**میراث المرأة وقضية المساواة**'' سے خاص طور پر استفادہ کیا ہے، نیز یہ بات بھی واضح کی گئی ہے کہ بعض صورتوں میں خواتین کے حقوق کا کم ہونا محض جنس کی بنیاد پر تفریق نہیں ہے؛ بلکہ یہ ذمہ داریوں کی نسبت سے حقوق کی تعیین ہے۔

دوسرے باب میں نفقہ سے متعلق بحث ہے؛ کیوں کہ قانونِ شریعت اور قانونِ نفقہ ایک دوسرے سے مربوط ہے ، اس کو سمجھے بغیر بعض صورتوں میں مردوں اور عورتوں کے درمیان میراث میں تفاوت کی حکمت کو نہیں سمجھا جا سکتا، تیسرے باب میں مہر کی اہمیت، مقدار مہر کے سلسلہ میں شریعت کا نقطۂ نظر اور بعض دیگر احکام کو ذکر کیا گیا ہے —— یہ بات ظاہر ہے کہ شریعت میں بنیادی طور پر کسبِ معاش کی ذمہ داری مردوں سے متعلق کی گئی ہے؛ لیکن شوہر کی اجازت سے شرعی حدود کی رعایت کے ساتھ کس حد تک خواتین کسبِ معاش کے مواقع سے استفادہ کر سکتی ہیں؟ چوتھا حصہ اسی عنوان پر ہے؛ کیوں کہ یہ بھی مالی حقوق کا ایک شعبہ ہے، اس باب میں اس بات کو بھی واضح کیا گیا ہے کہ اسلام نے جو گھر کے باہر کی ذمہ داریاں مردوں سے اور اُمور خانہ داری کو عورتوں سے متعلق رکھا ہے، یہ خود عورتوں کے حق میں بہت بہتر ہے —— آخری باب اس پہلو پر ہے کہ اسلام نے مردوں ہی کی طرح خواتین کو بھی اپنی املاک میں تصرف کا حق دیا ہے، اس کی اہمیت اس لئے ہے کہ بعض مذاہب میں عورت مالک تو بن سکتی ہے، لیکن وہ حسب منشاء اس میں تصرف کرنے کا حق نہیں رکھتی۔

یہ رسالہ بہ مشکل دو تین دنوں میں مرتب ہوا ہے، اگر حسب ضرورت حوالہ جات کی تخریج میں المعہد العالی الاسلامی حیدرآباد کے شعبۂ حدیث وفقہ کے طلبہ کا تعاون شریکِ حال نہ ہوتا تو شاید اتنے کم وقت میں دوسری مصروفیات کے ساتھ یہ کام نہیں ہو پاتا، اللہ تعالیٰ ان سبھوں کو جزاءِ خیر عطا فرمائے اور اس کم سواد تحریر کو قبولیت سے نوازے۔ **واللہ ھو المستعان .**

**خالد سیف اللہ رحمانی**
(بیت الحمد، شاہین نگر، حیدرآباد)

۲؍صفر ۱۴۲۹ھ
۱۰؍فروری ۲۰۰۸ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خواتین انسانیت کا نصف حصہ ہیں، خدا نے ان سے جو فرائض متعلق کئے ہیں، اس کے لئے ضروری تھا کہ وہ لطافت کی پیکر ہوں، جس میں مہر و وفا، شرم وحیا اور نازک اندامی اس طرح جمع ہوں کہ ان میں محبت کی خوشبو بھی ہو اور شرم وحیا بھی ان کے حسن ناز کے لئے زیور کا کام کرتی ہو، صنف لطیف کے وجود کے اس امتیازی پہلو نے ایک طرف اس کو ایسی کشش بھی دی ہے جو ہمیشہ مردوں کی محبت کا مرکز ہوتی ہے اور جسمانی اعتبار سے کمزور ہونے کی وجہ سے وہ مردوں کے ظلم وزیادتی اور استحصال کا شکار بھی ہوتی رہی ہے، نیز یہ صورتِ حال تاریخ کے ہر دور میں رہی ہے، کبھی عورتوں کی خرید وفروخت ہوتی تھی اور اس کی عصمت کا سودا کیا جاتا تھا، آج کے اس ترقی یافتہ عہد میں بھی عورت کے حسن کو فروخت کیا جاتا ہے، اس کے گیسو وعارض کو تجارتی تشہیر کا ذریعہ بنا لیا گیا ہے اور اس کے حسن کو عریاں کر کے اس کی قیمت وصول کی جاتی ہے، اس لئے اس طبقہ کا استحصال جیسے ماضی میں ہوتا رہا ہے، آج بھی ہو رہا ہے، صرف عنوان بدل گیا ہے اور آج یہ سب کچھ آزادی اور ترقی کے نام پر کیا جا رہا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اس دنیا میں تشریف لائے، تو دو طبقہ سب سے زیادہ مظلوم اور قابل رحم تھا، ایک غلاموں کا، دوسرا عورتوں کا، اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوں تو تمام انسانیت کے لئے ابرِ رحمت بن کر آئے اور ہر انسان کو ظلم وناانصافی سے نجات دلانے کی کوشش کی؛ لیکن ان دونوں طبقوں کے ساتھ حسن سلوک کی خاص طور پر تلقین فرمائی؛ بلکہ مرضِ وفات میں بھی لوگوں کو اس طرف متوجہ فرمایا، پھر آپ ﷺ نے اس کے لئے محض اخلاقی ہدایات ہی پر اکتفاء نہیں فرمایا، بلکہ ایک ایسا نظام قانون انسانیت کو دیا، جس میں ہر مرحلہ پر خواتین کے حقوق کو خصوصی اہمیت دی گئی، یہ حقوق جیسے زندگی کے دوسرے شعبوں

سے متعلق ہیں، اسی طرح مال سے متعلق بھی ہیں۔

خواتین کو جو مالی حقوق دیئے گئے ہیں، ان کا چند بنیادی نکات کے ذریعہ احاطہ کیا جاسکتا ہے :

(۱) میراث وغیرہ میں عورتوں کے حقوق۔

(۲) خواتین کا نفقہ اوران کی ضروریاتِ زندگی کے سلسلہ میں مردوں کی ذمہ داریاں۔

(۳) مہر کا حق اوراس سلسلہ میں اسلامی تعلیمات۔

(۴) کسبِ معاش کے مختلف ذرائع سے استفادہ کا حق۔

(۵) خواتین کے لئے اپنی املاک میں تصرف کا حق۔

☆ ☆ ☆ ☆

# میراث، ہبہ ووصیت اور خواتین

اسلام سے پہلے دنیا کے اکثر مذاہب میں خواتین کا میراث میں کوئی حق نہیں سمجھا جاتا تھا، عربوں کا خیال تھا کہ جو لوگ قبیلہ کی مدافعت کرسکتے ہوں اور لڑنے کی صلاحیت رکھتے ہوں، وہی میراث پانے کے حقدار ہیں، یہودیوں میں سارا ترکہ پہلوٹھے کا حق مانا جاتا تھا، ہندوؤں کے یہاں بھی عورت کا میراث میں کوئی حصہ نہیں ہوتا تھا، یہاں تک کہ انیسویں صدی تک یورپ میں عورتوں کو میراث میں کوئی حصہ نہیں ملتا تھا، اسلام نے جہاں مرد رشتہ داروں کو حصہ دار بنایا، وہیں ان کی ہم درجہ خواتین کو بھی میراث کا مستحق قرار دیا، والد کی طرح والدہ کو، بیٹے کی طرح بیٹی کو، بھائی کی طرح بہن کو، شوہر کی طرح بیوی کو وغیرہ، آج پوری دنیا میں خواتین کو جو ترکہ کا مستحق مانا جاتا ہے، وہ دراصل شریعت اسلامی کا عطیہ ہے۔

## حق میراث اور خواتین

اسلام کے قانونِ میراث میں جن رشتہ داروں کو مقدم رکھا گیا ہے، جو کسی حال میں ترکہ سے محروم نہیں ہوسکتے، وہ چھ ہیں: جن میں تین مرد ہیں: باپ، بیٹا، اور شوہر، تین عورتیں ہیں: ماں، بیٹی اور بیوی، اس کے علاوہ خصوصی اہمیت ان حقداروں کو حاصل ہے، جن کو 'ذوی الفروض' کہا جاتا ہے، یعنی وہ اعزہ جن کے حصے مقرر کردیئے گئے ہیں، ان میں مردوں سے زیادہ تعداد خاتون رشتہ داروں کی ہے، اس لئے کہ مرد چھ حالتوں میں ذوی الفروض میں شمار کیا جاتا ہے، اور عورت ۷ احالتوں میں اس حیثیت سے میراث کی مستحق ہوتی ہے، چنانچہ یہاں حصوں کا تناسب اور ان کی مستحق خواتین کا ذکر کیا جاتا ہے :

(الف) دو تہائی :

(۱) دو یا دو سے زیادہ بیٹیاں (۲) دو یا دو سے زیادہ پوتیاں

(۳) دو یا دو سے زیادہ سگی بہن (۴) دو یا دو سے زیادہ باپ شریک بہن

(ب) نصف :

(۱) ایک بیٹی (۲) ایک پوتی

(۳) ایک سگی بہن (۴) ایک باپ شریک بہن

(ج) ایک تہائی :

(۱) ماں (۲) ماں شریک بہن

(د) چھٹا حصہ :

(۱) ماں (۲) دادی

(۳) پوتی (۴) باپ شریک بہن

(۵) ماں شریک بہن

(ہ) چوتھائی :

(۱) بیوی

(و) آٹھواں حصہ :

(۱) بیوی

اس میں یہ بات قابل توجہ ہے کہ متعینہ حصوں میں سب سے زیادہ دو تہائی اور اس کے بعد نصف ہے، دو تہائی حصہ کا مردوں میں سے کوئی مستحق نہیں ہوتا اور نصف کا مستحق بھی مردوں میں صرف شوہر ہوسکتا ہے، جب کہ میت کی اولاد نہ رہی ہو۔

مقدار کے اعتبار سے خواتین کے حصہ پانے کی چار حالتیں ہوتی ہیں :

(۱) جب عورت کا حصہ اپنے ہم درجہ رشتہ دار مرد کے مقابلہ آدھا ہوتا ہے۔

(۲) جب مرد اور عورت کا حصہ برابر ہوتا ہے۔

(۳) جب عورت کا حصہ مرد سے زیادہ ہوتا ہے۔

(۴) جب عورت وارث ہوتی ہے اور مرد وارث نہیں ہوتا ہے۔

یہاں ان تمام صورتوں کا احاطہ مقصود نہیں ہے؛ لیکن اجمالی طور پر ان کا ذکر کیا جاتا ہے :

## عورت کا حصہ مرد کے مقابلہ نصف

اپنے ہم درجہ مرد رشتہ دار کے مقابلہ عورت کے نصف حصہ پانے کی صورتیں یہ ہیں :

(۱) بیٹے کے ساتھ بیٹی: مثلاً کسی نے ایک بیٹا اور ایک بیٹی کو چھوڑا اور اس کا ترکہ تین لاکھ روپے ہو تو ایک لاکھ بیٹی کا حق ہوگا اور دو لاکھ بیٹے کا۔

(۲) باپ کے ساتھ ماں: بشرطیکہ اولاد اور شوہر یا بیوی نہ ہو، اس صورت میں ماں کو ایک تہائی ملے گا اور عصبہ ہونے کی بناء پر باپ کو دو تہائی مل جائے گا۔

(۳) حقیقی بہن یا باپ شریک بہن: حقیقی بھائی یا باپ شریک بھائی کے ساتھ وارث ہو، یعنی میت نے والدین یا اولاد، شوہر یا بیوی کو نہ چھوڑا ہو، صرف اس کے حقیقی بھائی اور حقیقی بہن یا باپ شریک بھائی یا باپ شریک بہن اس کے وارث ہوں، اس وقت بہن کے مقابلہ بھائی کا حصہ دوگنا ہوگا، مثلاً ایک حقیقی بھائی اور ایک حقیقی بہن ہو، تو بھائی کو دو تہائی ملے گا اور بہن کو ایک تہائی۔

(۴) شوہر کا حصہ بمقابلہ بیوی کے دوہرا ہوگا، یعنی اگر بیوی کا انتقال ہوا اور اس نے کوئی اولاد نہیں چھوڑی، تو شوہر کو اس کے ترکہ کا نصف مل جائے گا اور اولاد بھی چھوڑی ہو تو چوتھائی ملے گا، اس کے برخلاف شوہر کے ترکہ میں سے بیوی کو اولاد نہ ہونے کی صورت میں چوتھائی اور اولاد ہونے کی صورت میں آٹھواں حصہ ملے گا۔

## مردوں کے برابر حصہ

جن حالات میں عورتوں کا حصہ مردوں کے برابر ہوتا ہے، ان میں سے چند یہ ہیں :

(۱) میت نے ماں، باپ اور بیٹے کو چھوڑا ہو، تو ماں اور باپ دونوں کو چھٹا حصہ ملے گا، اسی طرح اگر اس نے ماں، باپ اور دو بیٹیوں کو چھوڑا، تب بھی ماں اور باپ دونوں کو چھٹا حصہ ملے گا اور دو تہائی بیٹیوں کو ملے گا، نیز اگر کسی عورت نے شوہر، باپ، ماں اور ایک بیٹی کو چھوڑا ہو تو اس صورت میں بھی ماں اور باپ چھٹے حصہ کے مستحق ہوں گے۔

(۲) ماں شریک بھائی بہن کا حصہ بھی برابر ہوگا، جیسے ایک عورت نے شوہر کو، ماں کو اور ماں شریک بھائی کو چھوڑا، تو ماں شریک بھائی چھٹے حصہ کا مستحق ہوگا، اگر شوہر اور ماں کے علاوہ صرف اخیافی بہن کو چھوڑا تو وہ بھی چھٹے حصہ کی ہی مستحق ہوگی، اسی طرح اگر کسی عورت کا انتقال ہوا، اس کے ورثہ، شوہر، ماں، اخیافی بھائی اور اخیافی بہن ہوں، تو نصف شوہر کا حصہ ہوگا، چھٹا حصہ ماں کا اور ایک تہائی میں بھائی اور بہن کا حصہ برابر ہوگا۔

(۳) بہت سی حالتیں ایسی ہیں کہ اگر مرنے والے کا ایک ہی وارث ہو، خواہ مرد ہو یا عورت، وہ پورے ترکہ کا حقدار قرار پاتا ہے، جیسے: باپ، بیٹا، بھائی، شوہر، ماموں اور چچا، اسی طرح خاتون رشتہ داروں میں: ماں، بیٹی، بہن، بیوی، خالہ اور پھوپھی، مثلاً اگر کسی شخص کے انتقال پر صرف اس کا بیٹا ہی باقی بچا ہو تو وہ پورے ترکہ کا حقدار ہوگا؛ اس لئے کہ وہ عصبہ ہے، اسی طرح اگر اس نے صرف بیٹی کو چھوڑا ہو تو وہ پورے ترکہ کی حقدار ہوگی، نصف تو اس کا متعینہ حصہ ہوگا اور باقی نصف اس کو بطور ''رد'' کے ملے گا۔

(۴) بعض دفعہ حقیقی بہن اور حقیقی بھائی کا حصہ بھی برابر ہو جاتا ہے، جیسے ایک عورت نے شوہر اور ایک حقیقی بھائی کو چھوڑا تو نصف شوہر کا حق ہوگا اور نصف بھائی کا، —— اسی طرح اگر شوہر اور حقیقی بہن کو چھوڑا تو نصف شوہر کا حصہ ہوگا اور نصف حقیقی بہن کا، اگر اس نے شوہر اور حقیقی بھائی کے علاوہ ایک بیٹی کو بھی چھوڑا ہو، تو شوہر چوتھائی ترکہ کا اور بیٹی نصف ترکہ کی مستحق ہوگی، باقی بھائی کا ہوگا، اگر یہاں حقیقی بھائی کے بجائے حقیقی بہن ہو تو باقی اس کو ملے گا؛ بلکہ بعض دفعہ تو ایسا بھی ہوتا ہے کہ حقیقی بھائی اور ماں شریک بہن کا حصہ برابر ہو جاتا ہے، جیسے کسی عورت نے شوہر کو، ماں کو، ماں شریک بہن کو اور حقیقی بھائی کو چھوڑا ہو تو نصف ترکہ کا مستحق شوہر ہوگا، چھٹا حصہ ماں کو ملے گا، حقیقی بھائی اور اخیافی بہن دو چھٹے حصے کے حقدار ہوں گے، حالاں کہ رشتہ کے اعتبار سے یہ بھائی اُس بہن سے زیادہ قریب ہے۔

یہ چند مثالیں ہیں، ورنہ بہت سی ایسی صورتیں بنتی ہیں، جن میں عورت اپنے ہم درجہ مرد رشتہ دار سے زیادہ کی مستحق ہوتی ہے۔

## مردوں سے زیادہ حصہ

بہت سی صورتوں میں عورتوں کا حصہ مردوں سے بڑھ جاتا ہے، چند صورتیں ذیل میں نقل کی جاتی ہیں :

(۱) اگر کسی عورت کا انتقال ہوا اور اس نے شوہر، باپ، ماں اور دو بیٹیوں کو چھوڑا اور بالفرض اس کا ترکہ ساٹھ لاکھ روپے پر مشتمل ہو، تو دونوں بیٹیوں کو بتیس لاکھ روپے یعنی فی کس سولہ لاکھ روپے ملیں گے اور اگر اس نے شوہر، باپ، ماں کے علاوہ دو بیٹوں کو چھوڑا ہو تو وہ پچیس لاکھ یعنی فی کس ساڑھے بارہ لاکھ روپے کے حقدار ہوں گے، —— اسی طرح اگر کسی عورت کے ورثہ میں شوہر، ماں اور حقیقی بہنیں ہوں اور مثال کے طور پر اس کا ترکہ اڑتالیس لاکھ ہو تو دونوں بہنوں کو چوبیس یعنی فی کس بارہ لاکھ ملے گا، اور اسی صورت میں اگر دو بہنوں کے بجائے دو حقیقی بھائی ہوں، تو ان کا حصہ سولہ لاکھ یعنی فی کس آٹھ لاکھ ہوگا، ان صورتوں میں عورت کا مقررہ حصہ دو تہائی اس حصہ سے بڑھ جاتا ہے، جو مرد کو بطور عصبہ حاصل ہوتا ہے۔

(۲) بعض صورتوں میں عورت نصف ترکہ کی مستحق ہوتی ہے، یہ اس کا مقررہ حصہ ہے جب کہ اس کے ہم درجہ مرد کا حصہ کم بنتا ہے، جیسے ایک عورت نے شوہر، باپ، ماں اور ایک بیٹی کو چھوڑا ہو تو اگر ترکہ ایک کروڑ چھپن لاکھ روپے پر مشتمل ہو تو بیٹی بہتر لاکھ کی مستحق ہوگی، اس صورت میں اگر بیٹی کی جگہ بیٹا ہو تو اس کا حصہ پینسٹھ لاکھ ہوگا، —— بعض دفعہ تو یہ فرق بہت زیادہ ہو جاتا ہے، جیسے کسی عورت کے ورثہ میں شوہر ہو، ماں ہو اور حقیقی بہن ہو اور فرض کیجئے کہ مرحومہ کا ترکہ اڑتالیس لاکھ ہو، تو بہن کا حصہ اٹھارہ لاکھ ہوگا اور اس صورت میں اگر بہن کے بجائے بھائی ہو تو اس کا حصہ صرف آٹھ لاکھ ہوگا۔

(۳) بعض دفعہ عورت کا مقررہ تہائی حصہ بھی اپنے مقابل مرد رشتہ دار سے زیادہ ہو جاتا ہے، مثلاً ایک شخص نے بیوی، ماں، دو حقیقی بھائی اور دو ماں شریک بہنوں کو چھوڑا اور فرض کیجئے کہ مرنے والے کا ترکہ اڑتالیس لاکھ روپے تھا تو دونوں ماں شریک بہنوں کو سولہ یعنی فی کس آٹھ لاکھ روپے ملیں گے اور دونوں حقیقی بھائیوں کا حصہ بارہ یعنی فی کس چھ لاکھ ہوگا، ——

اسی طرح اگر عورت نے شوہر، دو ماں شریک اور دو حقیقی بھائیوں کو چھوڑا ہو اور مثلاً اس کا ترکہ ساٹھ لاکھ روپے ہو، تو دونوں بہنوں کا حصہ بیس لاکھ ہوگا اور دونوں بھائیوں کا دس لاکھ۔

(۴) بعض دفعہ خواتین کا مقررہ حصہ ترکہ کا چھٹا حصہ ہوتا ہے؛ لیکن وہ اس کے مقابل مرد رشتہ دار سے بڑھ جاتا ہے، جیسے ماں شریک بہن کا مقررہ حصہ چھٹا حصہ ہے، اب اگر کسی عورت نے شوہر، ماں، ایک ماں شریک بہن اور دو حقیقی بھائیوں کو چھوڑا ہو، تو اگر ساٹھ لاکھ ترکہ ہو تو بہن کو دس لاکھ ملے گا اور دو بھائیوں کو بھی دس لاکھ یعنی فی کس پانچ لاکھ ملے گا، اس طرح کی اور بھی متعدد صورتیں ہیں۔

## جب صرف عورت وارث بنتی ہے

بعض حالتیں ایسی ہیں کہ جن میں عورت وارث بنتی ہے، مرد وارث نہیں بنتا، جیسے ایک عورت نے شوہر، باپ، ماں، بیٹی اور پوتی کو چھوڑا ہو تو پوتی چھٹے حصے کی حقدار ہوگی؛ لیکن اسی صورت میں اگر پوتی کے بجائے پوتا ہو تو اس کو کچھ نہیں ملے گا، اسی طرح اگر شوہر، حقیقی بہن اور باپ شریک بہن وارث ہوں تو باپ شریک بہن چھٹے حصہ کی مستحق ہے اور اگر اس کی جگہ باپ شریک بھائی ہو تو اس کو کچھ نہیں ملے گا، ان کے علاوہ بھی متعدد صورتیں ہیں، جن میں خواتین حصہ پاتی ہیں اور ان کے مقابل مرد رشتہ دار حصہ نہیں پاتے۔

## خواتین کا کم حصہ کب اور کیوں؟

اس میں شبہ نہیں کہ جو لوگ لازمی طور پر میراث میں حصہ پاتے ہیں یعنی باپ، ماں، بیٹا، بیٹی اور شوہر و بیوی، ان میں مردوں کا حق عورتوں سے زیادہ یا دوہرا رکھا گیا ہے، لیکن اس کو مردوں اور عورتوں کے درمیان جنس کی بنیاد پر تفریق نہیں سمجھنا چاہئے، یہ اس اُصول پر مبنی ہے کہ جس کی ذمہ داریاں زیادہ ہوں گی، ان کے حقوق بھی زیادہ ہوں گے، اور جس کی ذمہ داری کم ہوگی، اس کے حقوق کم ہوں گے، اس اُصول کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک ارشاد سے واضح فرمایا: ''الخراج بالضمان''(۱) اس کا ماحصل یہ ہے کہ

(۱) أبو داؤد: کتاب الإجارة، باب فی من اشتری عبداً فاستعمله، الخ، حدیث نمبر: ۳۵۰۸، ترمذی: عن عائشہؓ، حدیث نمبر: ۱۲۸۵

جونقصان کو اٹھائے گا وہی فائدہ کا بھی حقدار ہوگا، اس پہلو سے اگر مردوں اور عورتوں کی مالی ذمہ داریوں کا موازنہ کیا جائے تو یہ بات اچھی طرح واضح ہوجائے گی، مرد پر اپنی کفالت خود واجب ہے، بیوی کی ضرورت کو پوری کرنا اس کی ذمہ داری ہے، اولاد کی پرورش اور اس کی تعلیم وتربیت کے تمام اخراجات، نیز ان کی شادی بیاہ مرد کے ذمہ ہے، یہاں تک کہ اگر بیوی شیر خوار بچہ کو دودھ پلانے پر آمادہ نہ ہو تو باپ کا فریضہ ہے کہ اس کے دودھ کا انتظام کرے، والدین نیز یتیم، غیر شادی شدہ بھائیوں، بیوہ اور مطلقہ بہنوں کی کفالت بھی اکثر حالات میں وہی کرتا ہے، والد اگر خدانخواستہ اس دنیا سے گذر جائے تو پوتوں اور پوتیوں کی پرورش اس کی ذمہ داری ہے، غرض کہ تمام مالی ذمہ داریاں مردوں پر رکھی گئی ہیں، عورتوں پر بہت کم اس ذمہ داری کا حصہ عائد ہوتا ہے، یہاں تک کہ وہ خود اپنی کفالت کی ذمہ داری سے بھی آزاد ہیں، اگر شوہر غریب ہو اور بیوی مالدار، تب بھی شوہر کو بیوی کے اخراجات ادا کرنے ہیں، اگر اس پہلو سے دیکھا جائے تو بیٹا، بیٹی، باپ، ماں اور شوہر وبیوی کے حصۂ میراث میں اس سے بھی زیادہ تفاوت ہونا چاہئے تھا؛ لیکن خواتین کی خلقی کمزوری کو سامنے رکھتے ہوئے اور ان کی رعایت کرتے ہوئے حصوں میں کم تفاوت رکھا گیا ہے۔

اس کو ایک اور طریقہ پر سمجھا جاسکتا ہے، شریعت میں والدین کی اہمیت وعظمت اولاد سے زیادہ ہے، اس کا تقاضا یہ تھا کہ والدین کا حصہ زیادہ ہو اور اولاد کا حصہ کم ہو؛ لیکن اس کے برخلاف ترکہ میں ماں باپ کا حصہ کم ہے اولاد کا زیادہ؛ کیوں کہ ماں باپ اپنی ذمہ داریوں سے فارغ ہورہے ہیں، ان کی ذمہ داریوں کی بساط لپیٹی جارہی ہے اور اولاد ذمہ داریوں کے میدان میں قدم رکھ رہی ہیں؛ اس لئے اولاد کا حصہ زیادہ رکھا گیا اور والدین کا کم، غرض کہ قانون میراث کا گہرا تعلق نفقہ اور کفالت کے قانون سے ہے، جن کی ذمہ داریاں زیادہ ہیں، ان کا حصہ بھی زیادہ ہے اور جن کی ذمہ داریاں کم ہیں ان کا حصہ بھی کم ہے، یہ ایسا منصفانہ اُصول ہے جس کی معقولیت سے کوئی صاحب انصاف انکار نہیں کرسکتا۔

## حق میراث ادا نہ کرنے کا گناہ

اس وقت معاشرہ میں اصل مسئلہ ترکہ کی مقدار کا نہیں ہے؛ بلکہ عورتوں کو ترکہ سے محروم کرنے کا ہے، قرآن مجید میں ترکہ کو 'فریضة من الله' (۱) یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کیا ہوا حکم کہا گیا ہے اور ترکہ کے احکام بیان کرنے کے بعد کہا گیا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی حدود ہیں، ان سے تجاوز نہ کرو، (۲) اس سے معلوم ہوا کہ عورت کو جو کچھ حق میراث ملتا ہے، وہ اس کے مرد رشتہ دار نہیں دیتے ہیں؛ بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیا ہوا حصہ ہے، اس میں کمی بیشی کرنا اللہ تعالیٰ کے حق میں دخل دینے کے مترادف ہے اور اس سے بڑھ کر زیادتی اور کیا ہوسکتی ہے؟

افسوس! کہ بہت سے مسلمان خاندانوں میں بہنوں کے حصہ پر بھائی قبضہ کر لیتے ہیں، والد کے انتقال پر بیٹے سب پر قابض ہوجاتے ہیں اور بیوہ ماں کو اس کا حصہ نہیں دیتے، بعض جگہ بھاوج کو حق سے محروم کردیا جاتا ہے، والد کے انتقال کے بعد دوسرے قرضوں کی طرح بیوی کا مہر بھی ادا کیا جانا چاہئے، لیکن بیوی کا مہر ادا نہیں کیا جاتا اور اسے غیر ضروری سمجھا جاتا ہے، یہ کھلی ہوئی ناانصافیاں ہیں، اگر ماں اور بہنوں کا حق نہیں دیا گیا تو لڑکوں کے مال میں حرام کا عنصر شامل ہوگیا، جو نہ صرف ان کی آخرت کو ضائع کردے گا؛ بلکہ دنیا میں بھی وہ اولاد اس سے متاثر ہوتی ہیں، جن کی حرام کے ذریعہ پرورش ہوتی ہو؛ بلکہ حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ حرام اتنی بری بات ہے کہ اس سے انسان کی عبادتیں بھی نامقبول اور بے تاثیر ہوجاتی ہیں؛ اس لئے خواتین کو ان کا حق میراث ضرور دینا چاہئے اور اپنی زندگی کو حرام سے بچانا چاہئے۔

### ہبہ :

بغیر کسی معاوضہ کے ایک شخص سے دوسرے شخص کو مال منتقل ہونے کے دو اور طریقے ہیں، ایک ہبہ، دوسرے وصیت، —— ہبہ یہ ہے کہ انسان زندگی ہی میں کسی شخص کو کسی چیز کا

(۱) النساء ۱۱ (۲) النساء:۱۳

مالک بنادے، ہبہ مرد بھی کر سکتے ہیں اور عورتیں بھی، اسی طرح ہبہ مردوں کو بھی کیا جا سکتا ہے اور عورتوں کو بھی، انسان کو پوری جائیداد ہبہ نہیں کرنی چاہئے کہ اس سے ورثہ کو نقصان پہنچے گا اور آئندہ زندگی میں خود ہبہ کرنے والا بھی پریشانی سے دوچار ہو سکتا ہے؛ لیکن ہبہ کے لئے کوئی مقدار متعین نہیں ہے، اگر کوئی شخص پوری جائیداد بھی ہبہ کر دے تو ہبہ نافذ ہوگا، چاہے مرد کو ہبہ کیا جائے یا عورت کو، اگر کوئی شخص اپنے محرم رشتہ دار کو کوئی چیز ہبہ کر دے تو وہ اس سے رُجوع نہیں کر سکتا، یعنی اسے واپس نہیں لوٹا سکتا، یہ حکم مرد رشتہ داروں کے لئے بھی ہے اور خاتون رشتہ داروں کے لئے بھی۔

اسی طرح شوہر نے کوئی چیز بیوی کو ہبہ کر دی تو اس سے بھی رُجوع کرنے کی گنجائش نہیں، ہبہ سے پہنچنے والے فوائد میں مرد اور عورت برابر ہیں، البتہ اس میں بیٹیوں کے لئے فائدہ کا ایک خاص پہلو ہے، اور وہ یہ ہے کہ اگر باپ اپنی زندگی میں اپنی اولاد کو کوئی چیز ہبہ کرے تو امام ابوحنیفہؒ، امام محمدؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ وغیرہ کے نزدیک ضروری ہے کہ دونوں میں مساوات کا لحاظ رکھے، یعنی جتنا بیٹے کو دے اتنا ہی بیٹی کو بھی دے، حق میراث کی طرح ایک اور دو کا فرق نہ کیا جائے۔

## وصیت :

وصیت سے مراد ہے اپنی موت کے بعد کسی کو مالک بنانا، وصیت کے سلسلہ میں شریعت کی طرف سے دو تحدیدات ہیں، ایک یہ ہے کہ وارث کے حق میں وصیت معتبر نہیں، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''لا وصیة لوارث''(۱) دوسرے ایک تہائی سے زیادہ مال کی وصیت نہیں کی جا سکتی؛ کیوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زیادہ سے زیادہ اسی مقدار وصیت کی اجازت دی ہے، (۲) ان دونوں شرائط کی رعایت کے ساتھ وصیت کرنے کا حق مردوں کو بھی ہے اور عورتوں کو بھی، نیز وصیت مرد کے حق میں بھی کی جا سکتی ہے اور عورت کے

(۱) أبو داؤد : باب ماجاء فی الوصیة للوارث، حدیث نمبر: ۲۸۷۰، ترمذی: ۲۱۲۰

(۲) بخاری : باب الوصیة بالثلث، حدیث نمبر: ۲۷۴۴

حق میں بھی، عام حالات میں تو وصیت جائز ہے؛ لیکن اگر باپ کی زندگی میں بیٹے یا بیٹی کا انتقال ہوجائے تو پوتوں، پوتیوں اور نواسوں، نواسیوں کے لئے وصیت کرنا مستحب ہے، اگر دادا اور نانا کو مسئلہ کا علم نہ ہو یا اس طرف توجہ نہ ہو تو دوسرے رشتہ داروں اور سماج کے ذمہ دار لوگوں کو انھیں توجہ دلانی چاہئے؛ تاکہ آئندہ یہ محروم نہ ہونے پائیں اور وصیت کے ذریعہ ان کو بھی اپنے مورثِ اعلیٰ کی جائیداد میں حصہ مل سکے۔

☆ ☆ ☆ ☆

# خواتین کا نفقہ اور ضروریاتِ زندگی

شریعت نے بنیادی طور پر خواتین سے متعلق اخراجات کی ذمہ داری مردوں پر رکھی ہے، قرآن مجید نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مردوں کو جو ''قوّام'' یعنی سربراہ خاندان بنایا ہے، اس کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ وہ خواتین کی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور اس کی ذمہ داری قبول کرتا ہے، **الرجال قوامون علی النساء بما فضل اللہ بعضھم علی بعض وبما أنفقوا من أموالھم** ،(۱) یہ بات شریعت میں اس قدر ملحوظ ہے کہ اگر ایک مرد اور ایک عورت ایک ہی درجہ کے رشتہ دار ہوں اور نفقہ کے مستحق ہوں تو عورت کو مرد پر ترجیح حاصل ہوگی، مثلاً بیٹے کا نفقہ بالغ ہونے کے بعد اس وقت واجب ہوگا، جب کہ وہ معذور ہو اور بیٹی کا نفقہ شادی تک واجب رہے گا، اسی طرح اگر کسی شخص میں یہ صلاحیت نہیں ہو کہ وہ ماں اور باپ دونوں کی ضروریات پوری کر سکے، وہ کسی ایک ہی کے اخراجات ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے تو ماں کا نفقہ اور اس کے اخراجات باپ کے نفقہ پر مقدم ہوں گے۔

## نفقہ سے مراد

نفقہ کے سلسلہ میں عورتوں کے حقوق کو سمجھنے کے لئے دو باتیں پیش نظر رکھنی چاہئیں؛ ایک یہ کہ نفقہ میں کیا کیا چیزیں شامل ہیں، دوسرے نفقہ کن کن خواتین کا واجب ہوتا ہے؟

نفقہ میں بنیادی طور پر پانچ چیزیں شامل کی گئی ہیں :

(۱) خوراک (۲) پوشاک
(۳) علاج (۴) خادم
(۵) رہائش

## خوراک :

جہاں تک خوراک کی بات ہے تو ظاہر ہے، کہ اس کی مقدار اور معیار کو پوری طرح متعین

(۱) النساء :۳۴

نہیں کیا جاسکتا؛ کیوں کہ مختلف لوگوں کے ذوق ومزاج اور جسمانی ضروریات میں فرق ہوتا ہے، ایسی غذا فراہم کرنا شرعاً واجب ہے، جو اس کے لئے موزوں ہو، چنانچہ علامہ علاء الدین کاسانیؒ فرماتے ہیں :

**قال أصحابنا : وهي ( هذه النفقة ) غير مقدرة بنفسها بل بالكفاية ..... ، وإذا كان وجوبها على سبيل الكفاية ، فيجب على الزوج من النفقة قدر ما يكفيها من الطعام والإدام والدهن ، لأن الخبز لا يؤكل عادة إلا مأدوماً ، والدهن لا بد منه للنساء ، ولا تقدر نفقتها بالدراهم والدنانير على أيّ سعر كانت ؛ لأن فيه إضرارا باحد الزوجين إذ السعر قد يغلو وقد يرخص ، بل تقدر لها على حسب إختلاف الأسعار غلاء ورخصا رعاية للجانبين .** (۱)

ہمارے اصحاب نے کہا ہے کہ نفقہ کی مقدار متعین نہیں ہے؛ بلکہ اتنی مقدار دی جائے گی، جو عورت کے لئے کفایت کر جائے اور جب نفقہ بہ قدر کفایت واجب ہے تو شوہر پر اتنا کھانا، سالن اور تیل دینا واجب ہے جو بیوی کے لئے کافی ہو؛ کیوں کہ بغیر سالن کے روٹی نہیں کھائی جاتی اور خواتین کے لئے تیل بھی ضروری ہے، درہم ودینار ( روپیہ ) کے ذریعہ نفقہ کی مقدار متعین نہیں کی جاسکتی ؛ کیوں کہ اس میں زوجین میں سے ایک کو نقصان پہنچے گا؛ کیوں کہ قیمتیں گھٹتی بڑھتی رہتی ہیں ( اور اگر روپے ہی سے نفقہ کی مقدار متعین کی جائے تو ) قیمت کے اتار چڑھاؤ کو سامنے رکھتے ہوئے نفقہ متعین کیا جائے گا؛ تا کہ دونوں کی رعایت ملحوظ رہے۔

آگے صراحت کی ہے کہ غذا میں موسم کی رعایت بھی ملحوظ کی جائے گی، اسی طرح شہر

(۱) بدائع الصنائع:۳/۴۳۰-۴۲۹

اور مقام کا بھی لحاظ رکھا جائے گا، جہاں جس طرح کی غذا کھائی جاتی ہو، وہاں اس طرح کی غذا فراہم کی جائے گی، **لا بد فی وجوب النفقة علی الزوج من اعتبار حال بلده** ،(۱) اسی طرح اگر عورت بیمار ہو تو اس کی مناسبت سے غذا کا فراہم کرنا (۲) اور دودھ پلا رہی ہو تو مقوی غذا (۳) مرد کی ذمہ داری ہے۔

خوراک میں یہ بات قابل لحاظ ہے کہ انسان طبعی طور پر پکائی ہوئی چیز ہی کھا سکتا اور ہضم کر سکتا ہے، اس لئے فقہاء نے لکھا ہے کہ جس کی خوراک واجب ہے، اصل میں اس کے لئے پکا ہوا کھانا فراہم کرنا واجب ہے، **فعلیه أن یأتیها بطعام مهیاء** ،(۴) اگر پکا پکایا کھانا فراہم نہیں کر سکتا تو کھانے کے ساتھ پکانے کی اشیاء اور پکانے والے شخص کی خدمت فراہم کرنا ضروری ہے (۵)؛ لیکن اصل میں اس کا تعلق ضرورت، ماحول اور گنجائش سے ہے، جہاں ماحول یہی ہو کہ خواتین خود گھر میں کھانا پکاتی ہوں، وہاں غذائی اشیاء اور پکوان کے لئے مطلوبہ وسائل کا فراہم کر دینا کافی ہوگا، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا حضرت فاطمہؓ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نکاح کے بعد نصیحت فرمائی کہ باہر کے کام علی (رضی اللہ عنہ) کیا کریں گے اور گھر کے کاموں کو فاطمہ (رضی اللہ عنہا) انجام دیں گی، ہندوستان اور مشرقی ملکوں میں عام طور پر یہی مزاج ہے، خواتین خود اُمور خانہ داری کو انجام دیتی ہیں، —— دوسرے اس کا تعلق ضرورت سے بھی ہے، جس کا نفقہ ادا کرنا واجب ہے، اگر وہ اس بات کی طاقت نہیں رکھتا کہ خود پکوان کی ذمہ داری کو انجام دے تو اس کے لئے کھانا فراہم کرنا ضروری ہوگا، ضعیف ماں، مریض و معذور بیوی یا دوسری زیر کفالت خواتین کو اس بات کا مکلّف کرنا کہ خود سے کھانا پکائے اور کھائے جائز نہیں؛ کیوں کہ یہ ماں کی توقیر اور بیوی و بیٹی وغیرہ کی ضروریات کو فراہم کرنے کی ذمہ داری کے منافی ہے۔

---

(۱) الخرشی: ۱۸۴/۴ (۲) حوالۂ سابق: ۱۸۵/۴ (۳) حوالۂ سابق: ۱۸۴/۴

(۴) ردالمحتار: ۲۹۰/۵، کتاب الطلاق، باب النفقة، ط: مکتبہ زکریا، دیوبند

(۵) حوالۂ سابق: ۲۹۰/۵، النفقه

تیسرا پہلو جو اس سلسلہ میں قابل توجہ ہے، وہ یہ ہے کہ پکے ہوئے کھانے کا انتظام مرد کی گنجائش پر بھی موقوف ہے، اگر اس کے مالی حالات ایسے ہوں کہ وہ کچا سامان ہی فراہم کرسکتا ہو اور عورت پکانے سے بالکل معذور نہ ہو تو مرد کو پکا پکایا کھانا فراہم کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا؛ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے نفقہ کے سلسلہ میں یہی اُصول ذکر فرمایا ہے کہ ہر شخص اپنی گنجائش اور صلاحیت کے اعتبار سے نفقہ کا انتظام کرے، **لینفق ذو سعة من سعته و من قدر علیه رزقه فلینفق مما آتاه الله** ۔(۱)

کھانا فراہم کرنے میں مرد کو اپنے معیار کا بھی لحاظ رکھنا چاہئے، یعنی جو شخص نفقہ ادا کررہا ہو اور جس کا نفقہ ادا کیا جارہا ہو، اگر دونوں ایک ہی درجہ اور معیار کے ہوں، تب تو اسی کی رعایت کرتے ہوئے ضروریاتِ زندگی فراہم کرنا واجب ہوگا؛ لیکن اگر مرد کا معیارِ زندگی اونچا ہو اور عورت کا اس کے مقابلہ کمتر، تو مرد کو چاہئے کہ وہ اپنے معیار کے لحاظ سے عورت کی ضرورت پوری کرے، علامہ علاء الدین کاسانیؒ نے لکھا ہے کہ اگر شوہر خوشحال خاندان سے تعلق رکھتا ہو اور بیوی غریب خاندان سے تو یہ بات درست نہیں ہوگی کہ شوہر خود تو اعلیٰ درجہ کا کھانا کھائے اور بیوی کے لئے معمولی درجہ کا کھانا فراہم کرے، (۲) —— یہی بات فقہاء شوافع میں یحییٰ بن ابوالخیر یمنی (م: ۵۵۸ھ) نے (۳) اور فقہاء حنابلہ میں عبدالقادر بن عمر شیبانیؒ اور ابراہیم بن محمدؒ نے بھی (۴) لکھی ہے، جب مرد اور اس کے زیر کفالت خواتین ایک ہی جگہ رہتے ہوں اور ساتھ کھانا پکانا ہوتا ہو، اس وقت نفقہ کی مقدار کے سلسلہ میں یہ بات زیادہ اہم نہیں ہوگی؛ لیکن جب شوہر یا اولاد کسی اور مقام پر قیام پذیر ہو اور وہاں سے وہ اپنی بیوی یا ماں وغیرہ کے اخراجات بھیجے تو اس وقت اس اُصول کی بڑی اہمیت ہے کہ وہ اپنے معیار کو ملحوظ رکھتے ہوئے، اپنے زیر کفالت خواتین کا نفقہ ادا کرے، نہ کہ معمولی سی رقم بھیج کر اپنے آپ کو اس سے بریٔ الذمہ سمجھے۔

---

(۱) الطلاق: ۷ (۲) بدائع الصنائع: ۴۳۱/۳

(۳) البیان: ۲۰۳/۱۱ (۴) المعتمد: ۳۲۲/۲

نفقہ میں جیسے کھانے پینے کی اشیاء شامل ہیں، اسی طرح پکوان کے مروجہ ذرائع اوران کو محفوظ رکھنے کے لئے موجودہ دور کے وسائل بھی شامل ہوں گے، اگر اس ماحول میں اس کے استعمال کا رواج ہو اور مرد کے اندر اس کی استطاعت ہو، جیسے گیس اور گیس کا چولہا، فریج وغیرہ، آج کل شہروں کے متوسط گھرانوں میں ضرورت کا درجہ اختیار کر گئے ہیں، ( **ویجب علیه آلة طحن وخبز وآنیة شراب وطبخ ککوز وجرة وقدر و مغرفة ) وکذا سائر أدوات البیت کحصیر ولبد وطنفسة۔**(۱)

## پوشاک :

لباس انسان کی ایک اہم ضرورت ہے، جس کا مقصد جسم کو چھپانا بھی ہے، اس کو موسم کے اتار چڑھاؤ سے بچانا بھی اور اس کے ساتھ ساتھ لباس انسان کے لئے زینت بھی ہے، **خذوا زینتکم عند کل مسجد**، (۲) اس لئے پوشاک کی فراہمی میں ان تینوں باتوں کی رعایت ضروری ہے، لباس ایسا ہو، جو شریعت کے احکام کے مطابق ستر کے تقاضوں کو پورا کرتا ہو، دوسرے : سردی گرمی کی رعایت ہو، تیسرے : وہ اس عہد کے مروجہ معیار کے مطابق زینت وآرائش کے تقاضہ کو پورا کرتا ہو، ان تینوں باتوں کے علاوہ اتنی مقدار میں ہو کہ عورت پورے سال مناسب طریقہ پر اپنے پہننے، اوڑھنے کی ضرورت کو پورا کر سکتی ہو، چنانچہ علامہ کاسانیؒ فرماتے ہیں :

> **ویجب علیه من الکسوة فی کل سنة مرتین صیفیة وشتویة لأنها تحتاج إلی الطعام والشراب تحتاج إلی اللباس لستر العورة ولدفع الحر و البرد و یختلف ذلک بالیسار والإعسار و الشتاء والصیف .** (۳)
>
> مرد پر سال میں دو مرتبہ گرما اور سرما کی رعایت کرتے ہوئے لباس

---

(۱) درمختار مع شامی: ۲۳۱/۵، نیز دیکھئے، ہندیہ: ۵۴۸/۱، الجوهرة النیرة: ۱۶۴/۲

(۲) الاعراف: ۳۱ (۳) بدائع الصنائع: ۴۳۰/۳

فراہم کرنا واجب ہوگا ، اس لئے کہ جیسے ہمیں کھانے پینے کی ضرورت ہوتی ہے، اسی طرح ستر پوشی اور گرمی اور ٹھنڈک سے بچنے کے لئے بھی ہم لباس کے محتاج ہیں اور لباس تنگ دستی اور خوشحالی، نیز جاڑے اور گرمی کے لحاظ سے مختلف ہوگا۔

جیسے خوراک کے سلسلہ میں انسان کے معیار زندگی اور گنجائش کی اہمیت ہے، اسی طرح لباس کے باب میں بھی اس کی رعایت ضروری ہے، یہ بات کہ مرد خود تو اچھا لباس پہنے اور اپنے زیر پرورش خواتین کے لئے گھٹیا لباس فراہم کرے درست نہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غلاموں کے بارے میں فرمایا کہ جو کھانا تم خود کھاتے ہو، وہ انھیں کھلاؤ اور جو خود پہنتے ہو، انھیں پہناؤ(۱) تو جب غلاموں کے لئے اس معیار کو برتنے کا حکم دیا گیا ہے جو آقا کا ہو، تو ماں، بیوی، بیٹی اور بہن کے لئے تو بدرجۂ اولیٰ یہ حکم ہوگا۔

پھر یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ عورتوں کے لئے شریعت نے بمقابلہ مردوں کے زیبائش وآرائش کی زیادہ گنجائش رکھی ہے، ریشم کی مرد کے لئے ممانعت ہے؛ لیکن عورت کے لئے اجازت ہے، سونا اور ایک مثقال (۴ گرام، ۳۷۴ ملی گرام) سے زیادہ چاندی — جو انگوٹھی کی شکل میں ہو — کے علاوہ مرد کے لئے حرام ہے(۲)؛ لیکن عورتوں کے لئے اجازت ہے، (۳) زعفرانی رنگ کے کپڑے پہننے سے مردوں کو منع کیا گیا ہے، مگر خواتین کو منع نہیں کیا گیا، (۴) اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ عورتوں کے لباس میں اس پہلو کی بھی رعایت ہونی چاہئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر سے زیادہ زہد وورع کا نمونہ کونسا گھر ہوسکتا ہے؛ لیکن سیدنا حضرت عائشہؓ کے بعض کپڑے ایسے تھے کہ دلہن بنانے کے لئے لوگ

---

(۱) سنن ترمذی ، ابواب البر والصله باب ماجاء فی الإحسان إلی الخادم، حدیث نمبر:۱۹۴۵

(۲) أبو وداؤد ، عن بریده ، باب خاتم الحدید، حدیث نمبر:۴۲۲۳

(۳) بخاری : باب لبس الحریر للرجال ، الخ ، حدیث نمبر:۵۸۲۸، نیز دیکھئے: مسلم باب تحریم استعمال إناء الذهب والفضة (۴) م سلم : باب النهی عن لبس الرجل الثوب المعصفر، حدیث نمبر:۲۰۷۷

اسے عاریت پر حاصل کرتے تھے، اس سے صاف ظاہر ہے کہ خواتین میں چوں کہ فطری طور پر زیبائش وآرائش کا جذبہ زیادہ رکھا گیا ہے اور شریعت نے حلال وحرام کے احکام میں اس کی رعایت بھی کی ہے، اس لئے عورتوں کے لباس میں اس کو ملحوظ رکھا جائے، اس حقیقت کی طرف قرآن مجید نے ایک جامع لفظ ''معروف'' سے اشارہ کیا ہے، **وعلی المولود لہ رزقھن وکسوتھن بالمعروف**، (۱) اُردو زبان میں اس کا ترجمہ 'دستور کے مطابق' کھانے اور کپڑے سے کیا گیا ہے، فقہاء نے بھی نفقہ سے متعلق خوراک اور پوشاک کے سلسلہ میں بار بار یہی بات کہی ہے، کہ اس کو ''معروف طریقہ'' کے مطابق ہونا چاہئے، بعض فقہاء نے اپنے زمانہ کے عرف کے مطابق صراحت کی ہے کہ گرمی میں کرتا، پاجامہ، دوپٹہ اور اوپر سے اوڑھی جانے والی چادر یعنی ہمارے زمانہ کے اعتبار سے برقعہ فراہم کیا جائے اور جاڑے کے موسم میں اونی یا روئی وغیرہ بھرے ہوئے کپڑے فراہم کئے جائیں۔ (۲)

پوشاک ہی کے حکم میں وہ چیزیں بھی شامل ہیں، جو عورتوں کو زیب وزینت کے لے مطلوب ہوتی ہیں، جیسے آئینہ، کنگھی، تیل اور زیبائش کے مروجہ وسائل، جو شرعاً جائز ہوں اور جو زیر کفالت خاتون کی عمر سے میل کھاتے ہوں، چنانچہ علامہ خرشی مالکی نے نفقہ میں اسبابِ زینت کو بھی شامل رکھا ہے اور خاص طور پر سرمہ، تیل، مہندی کا ذکر کیا ہے، ''**وزینۃ تستضر بترکھا ککحل ودھن معتادین وحناء**''۔ (۳)

## علاج :

انسان کی ایک اہم ضرورت علاج بھی ہے، عام طور پر فقہاء نے علاج کو نفقہ میں شامل نہیں رکھا ہے اور بیوی کا علاج شوہر پر لازم قرار نہیں دیا گیا ہے، چنانچہ فقہاء حنفیہ میں علامہ ابن عابدین شامیؒ کا بیان ہے :

---

(۱) البقرہ:۲۳۳

(۲) دیکھئے: بدائع الصنائع:۴۳۱/۳

(۳) الخرشی:۱۸۶/۴

**کما لایلزمه مداواتها أی إتیانه لها بدواء المرض ولا أجرة الطبیب .(۱)**

یہی بات فقہاء مالکیہ میں علامہ دردیر (۲) فقہاء شوافع میں امام نووی (۳) اور فقہاء حنابلہ میں علامہ ابن قدامہ وعلامہ شرف الدین موسیٰ (۴) نے لکھی ہے، اس عہد کے مشہور محقق ڈاکٹر وہبہ زحیلی نے بھی ائمۂ اربعہ کا یہی نقطۂ نظر نقل کیا ہے؛ لیکن اس سلسلہ میں قرآن وسنت کی کوئی ایسی نص موجود نہیں ہے، جو بتاتی ہو کہ علاج کے اخراجات نفقہ میں شامل نہیں ہیں، خیال ہوتا ہے کہ گذشتہ ادوار میں علاج اتنی زیادہ خرچ طلب اور طریقۂ کار کے اعتبار سے ترقی یافتہ اور دقیق عمل نہیں تھا، زیادہ تر پرہیز اور جڑی بوٹیوں کے ذریعہ علاج کیا جاتا تھا، جسمانی مشقت برداشت کرنے کی صلاحیت، آلودگی سے تحفظ اور فطری طریقہ پر زندگی گذارنے کے معمول کی وجہ سے لوگوں میں قوت مدافعت بھی زیادہ تھی؛ لیکن اب مشینی زندگی اور مصنوعی راحت وآرام کی عادت کی وجہ سے لوگوں کی قوت برداشت کم ہوگئی ہے، غیر فطری طور پر زیادہ سے زیادہ غذا پیدا کرنے اور فضائی وآبی آلودگی کے بڑھ جانے، نیز موسم کے غیر معتدل ہوجانے کی وجہ سے نت نئی پیچیدہ بیماریاں پیدا ہورہی ہیں، ان حالات میں اگر کسی عورت کو کھانا اور کپڑا تو دے دیا جائے اور اس کی بیماری کا علاج نہ کرایا جائے تو یقیناً یہ منصفانہ بات نہیں ہوگی۔

اس لئے اس مسئلہ پر اُصولی حیثیت سے غور کرنا چاہئے، سوال یہ ہے کہ نفقہ سے کیا مراد ہے؟ فقہاء نے نفقہ کی تعریف ایسی چیزوں کی فراہمی سے کی ہے، جن پر انسان کی بقا کا مدار ہو، چنانچہ علامہ داماد آفندی نفقہ کی شرعی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

**ما یتوقف علیه بقاء شیٔ من نحو مأکول و ملبوس و سکنی . (۵)**

---

(۱) ردالمحتار:۲۸۵/۵،کتاب الطلاق ، باب النفقة،ط:زکریا

(۲) دیکھئے:الشرح الصغیر:۷۳۲/۲ (۳) روضة الطالبین:۵۰/۹

(۴) دیکھئے:الاقناع:۹۴۸/۵،المقنع مع الشرح الکبیر:۳۰۱/۲۴

(۵) مجمع الأنهر:۴۸۴/۱

جس پر کسی چیز کا بقا موقوف ہو، جیسے کھانا، لباس اور رہائش۔

اسی طرح علامہ شامیؒ فرماتے ہیں :

**ألإدرار على شئ بما فيه بقاء ه .(۱)**

کسی کے لئے وہ چیز فراہم کرنا، جس میں اس کی بقاء ہو۔

ظاہر ہے کہ انسان کی بقاء اور اس کی زندگی کے تحفظ میں دوا و علاج کی اہمیت غذا اور لباس سے بھی زیادہ ہے، اس لئے یقیناً علاج بھی نفقہ میں شامل ہوگا اور جیسے خوراک اور پوشاک کا مہیا کرنا مرد کی ذمہ داری ہے، اسی طرح علاج کا نظم کرنا بھی بدرجۂ اولیٰ اس کی ذمہ داریوں میں شامل ہوگا، اس سلسلہ میں عالم اسلام کے ممتاز فقیہ ڈاکٹر وہبہ زحیلی کا یہ اقتباس بڑی اہمیت کا حامل اور نقل کئے جانے کے لائق ہے :

**ويظهر لديّ أن المداواة لم تكن في الماضي حاجة أساسية ، فلا يحتاج الإنسان غالبا إلى العلاج ، لأنه يلتزم قواعد الصحة والوقاية ، فاجتهاد الفقهاء مبني على عرف قائم في عصرهم ، أما الأن فقد أصبحت الحاجة إلى العلاج كا لحاجة إلى الطعام والغذاء ؛ بل أهم ؛ لأن المريض يفضل غالباً مايتداوای به على كل شئ ، وهل يمكنه تناول الطعام وهو يشكو ويتوجع من الآلام والأوجاع التي تبرح به وتجهده و تهدده بالموت ؟(۲)**

مجھ پر جو بات واضح ہوتی ہے، وہ یہ ہے کہ علاج گذشتہ زمانہ میں بنیادی ضرورت نہیں تھی، انسان کو عام طور پر علاج کی ضرورت نہیں پڑتی تھی، اس لئے کہ وہ حفظانِ صحت کی اُصولوں کی پابندی کرتا تھا، لہٰذا فقہاء کا اجتہاد ان کے زمانہ کے عرف پر مبنی ہے، اب علاج

(۱) ردالمحتار: ۱/۷۷-۲۷۵

(۲) الفقه الإسلامی وأدلته: ۷/۷۹۴

ویسے ہی ضرورت ہوگئی ہے، جیسا کہ کھانا اور غذا؛ بلکہ اس سے بھی زیادہ علاج کی اہمیت ہے؛ کیوں کہ اکثر اوقات مریض علاج کو ہر چیز پر مقدم رکھتا ہے، کیا یہ ممکن ہے کہ انسان کھانا کھائے، حالاں کہ وہ تکلیف میں ہو اور ان آلام ومصائب سے کراہ رہا ہو؛ جو اس کے لئے مشقت کا باعث ہیں اور جو اس کو موت کے قریب پہنچا رہی ہیں؟

پھر اس بات کو اس سے مزید تقویت پہنچتی ہے کہ فقہاء نے اولاد کے علاج کو لازم قرار دیا ہے، جس پر اجماع نقل کیا گیا ہے، (۱) تو بیوی، جو حصول اولاد کے لئے ذریعہ ووسیلہ ہے، اس کا علاج کیوں واجب نہیں ہوگا؟ بلکہ بیوی کا علاج تو بدرجۂ اولیٰ واجب ہونا چاہئے؛ کیوں کہ بیوی اپنے شوہر کی وجہ سے محبوس ہوتی ہے اور وہ اپنے لئے کسبِ معاش کے ذرائع کو اختیار کرنے سے قاصر رہتی ہے، اولاد کا معاملہ ایسا نہیں ہے۔

## خادم :

انسان اپنی بہت سی ضرورتوں میں دوسرے کا محتاج ہوتا ہے اور اس کی بعض ضرورتیں دوسرے انسان کے تعاون کے بغیر پوری نہیں ہو پاتی ہیں، اس پس منظر میں فقہاء نے خادم کے بارے میں بحث کی ہے، اگر کوئی شخص اس موقف میں نہیں ہو اور اس کے معاشی حالات اس لائق ہی نہ ہوں کہ وہ خادم کا انتظام کر سکے، یا جن ضروریات کے لئے خادم کی ضرورت ہو، اسے وہ خود انجام دے دے، جیسے ضروریات زندگی کا باہر سے خرید کر لانا، پانی یا ایندھن کا نظم کرنا وغیرہ تو مرد پر الگ سے خادم کا انتظام کرنا واجب نہیں؛ لیکن اگر شوہر کو استطاعت ہو اور وہ خادم کا نظم کر سکتا ہو تو خادم کا نظم کرنا بھی شوہر کی ذمہ داری ہوگی، اب اس میں اختلاف ہے کہ ایک ہی خادم مہیا کرنا ضروری ہوگا یا ایک سے زیادہ؟ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک دو خادم کا

(۱) الفقه الإسلامی وأدلته: ۷/۷۹۴

انتظام کرنا واجب ہوگا، تاکہ ایک خادم گھریلو کاموں میں مدد کرے اور ایک گھر سے باہر کے کاموں میں ہاتھ بٹائے اور امام ابوحنیفہؒ اور امام محمد کے نزدیک ایک ہی خادم کا نظم واجب ہوگا، جو اندر اور باہر کے کام میں ہاتھ بٹائے۔

**ولا يجب عليه لأكثر من خادم واحد في قول أبي حنيفة و محمد و عند أبي يوسف يجب لخادمين ولا يجب أكثر من ذلك .(۱)**

امام شافعیؒ کے نزدیک بھی ایک خادم کا انتظام کرنا شوہر کے ذمہ واجب ہوگا، **فإنه لا يلزمه إلا خادم واحد ،(۲)** اور یہی نقطۂ نظر فقہاء مالکیہ کا بھی ہے، **وقضى لها بخادمها إن أحبت الخ ۔(۳)**

فقہاء نے عام طور پر خادم کا مسئلہ بیوی کے نفقہ کے سلسلہ میں لکھا ہے؛ لیکن چوں کہ عام طور پر بیوی کے نفقہ کے احکام تفصیل سے ذکر کئے گئے ہیں؛ اس لئے وہاں اس کا ذکر آیا ہے، ورنہ اس کا تعلق دوسری زیر کفالت خواتین سے بھی ہے، غور کیجئے کہ کیا بوڑھی اور ضعیف ماں کے لئے خادم کا نظم بیٹے کا فریضہ نہیں ہوگا؟ اگر کسی کی بیوی کا انتقال ہوجائے تو کم سن بیٹیوں کی پرورش اور ان کی ضروریات کی تکمیل کے لئے خادمہ کی ذمہ داری نہیں ہوگی؟ اگر کسی کی بیوہ بہن معذور ہو اور کوئی اس کی دیکھ ریکھ کرنے والا نہ ہو تو بھائی کیسے اس ذمہ داری سے راہِ فرار اختیار کرسکتا ہے؟ — اس لئے اصل میں اس کا تعلق زیر کفالت خواتین کی ضرورت، معاشرتی وسماجی اور مرد کی مالی استطاعت سے ہے، اسی لئے فقہاء نے خاص طور پر بیمار بیوی کی خدمت کے لئے خادم کا انتظام کرنے کو مطلقاً واجب کہا ہے، علامہ شامیؒ فرماتے ہیں :

**وإذا مرضت وجب عليه إخدامها ، لو كانت أمة ، وبه صرح الشافعية وهو مقتضى قواعد مذهبنا . (۴)**

عورت بیمار ہو تو شوہر پر اس کے لئے خادم فراہم کرنا واجب ہے، گو

(۱) بدائع الصنائع: ۴۳۰/۳ (۲) البیان: ۲۱۱/۱۱

(۳) الخرشی: ۱۸۶/۴ (۴) ردالمحتار: ۵۸۸/۳

اس کی بیوی باندی ہی کیوں نہ ہو، فقہاء شوافع نے اس کی صراحت کی ہے اور ہمارے مذہب کے قواعد کا تقاضہ بھی یہی ہے۔

## رہائش :

نفقہ میں جو ضروریات شامل ہیں، ان میں رہائش بھی شامل ہے؛ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا :

**أسكنوهن من حيث سكنتم من وجدكم .(۱)**

جہاں تم رہو، وہاں بیویوں کو بھی رکھو، اپنی گنجائش کے مطابق۔

عورت کو کس طرح کی رہائش فراہم کرنا ضروری ہے؟ اس سلسلہ میں علامہ ابن نجیم مصریؒ کا بیان ہے :

**إنما تجب بالتبوأة والسكنىٰ في بيت خال عن أهله وأهلها ولهم النظر والكلام معها .(۲)**

بیوی کے لئے ایسے گھر میں ٹھکانہ اور رہائش فراہم کرنا واجب ہوگا، جو شوہر کے لوگوں سے بھی خالی ہو اور بیوی کے رشتہ داروں سے بھی؛ البتہ ان لوگوں کو اس سے گفتگو کرنے اور اسے دیکھنے کی اجازت ہوگی، (بشرطیکہ غیر محرم نہ ہوں)۔

اس وضاحت سے معلوم ہوا کہ :

۱ - زیر کفالت خاتون کے لئے رہائش فراہم کرنا شرعاً واجب ہے، خواہ یہ ذاتی مکان ہو یا کرایہ کی عمارت؛ کیوں کہ رہائش بھی انسان کی بنیادی ضروریات میں سے ہے۔

۲- یہ مکان ایسا ہو کہ شرعی ضرورتوں کو پوری کرتا ہو، یعنی پردہ دار ہو اور عورت اپنی عزت وآبرو کی حفاظت کر سکتی ہو۔

---

(۱) الطلاق:٦

(۲) كنز الدقائق مع البحر:٣٢٦/٤

۳- اسے سوکن یا دوسرے سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ رہنے پر مجبور نہیں کیا جائے اور نہ بیوی اپنے شوہر کو اس بات پر مجبور کرسکتی ہے کہ وہ اس کو اس کے میکہ کے لوگوں میں رکھے، یعنی یہ حکم خاص طور پر بیوی کی رہائش کے لئے ہے؛ کیوں کہ عام طور پر خواتین میں اپنے سسرالی رشتہ داروں کی جانب سے رقابت کے جذبات پائے جاتے ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ علاحدہ مکان میں رکھنے کا کیا مطلب ہے؟ اس کی تین صورتیں ہوسکتی ہیں، ایک یہ ہے کہ بیوی کو علاحدہ کمرہ فراہم کیا جائے؛ لیکن گھر کی دوسری ضروریات جیسے بیت الخلاء، غسل خانہ اور باورچی خانہ وغیرہ مشترک ہو، اس پر بالاتفاق عورت کو مجبور نہیں کیا جاسکتا، **قولہ : (خال عن أهله الخ ) لأنها تتضرر بمشاركته غيرها فيه ؛ لأنها لا تأمن على متاعها يمنعها ذلك من المباشرة مع زوجها ومن الإستمتاع ، إلا ان تختار ذلك**،(۱) دوسری صورت یہ ہے کہ ایک بڑے مکان میں بیوی کے لئے الگ کمرہ اور علاحدہ دوسری ضروریات کا انتظام کردیا جائے، اور وہ اپنے رہائشی حصہ کو مقفل کرسکتی ہو، بعض فقہاء کے نزدیک یہ بھی کافی ہے، **قولہ : (وبيت منفرد ) أي مايبات فيه ؛ وهو محل منفرد معين الخ**،(۲) بعض فقہاء نے اس بات کو لازم قرار دیا ہے کہ بیوی کو بالکل ہی علاحدہ مکان فراہم کیا جائے، **وفي "البحر" عن "الخانية" يشترط أن لا يكون في الدار أحد من أحماء الزوج يؤذيها** ،(۳) دراصل یہ دونوں صورتیں حالات پر موقوف ہیں، مرد کی گنجائش، معاشی صلاحیت اور عورت کی اپنے سسرال کے لوگوں سے تعلقات کو دیکھتے ہوئے یہ بات طے کی جائے گی کہ اسے کس طرح کا مکان فراہم کرنا ضروری ہوگا؟

فقہاء نے جہاں اس بات پر توجہ دی ہے کہ مکان محفوظ ہو، وہیں اس بات کو بھی واضح کیا ہے کہ صالحین کے پڑوس کا انتخاب کیا جائے؛ کیوں کہ انسان کی جان و مال اور عزت و آبرو کے تحفظ میں پڑوسیوں کے مزاج واخلاق کا بھی حصہ ہوتا ہے، **ويأمره بإسكانها بين جيران**

(۱) ردالمحتار: ۳۲۰/۵، ط: مکتبہ زکریا (۲) ردالمحتار: ۳۲۰/۵

(۳) درمختار مع شامی: ۲۵۶/۵، ط: بیروت

**صالحین بحیث لا تستوحش۔(۱)**

بعض اوقات تنہائی انسان کے لئے تکلیف دہ ہوجاتی ہے؛ کیوں کہ انسان اپنے لئے انیس وغم خوار کا خواہش مند رہتا ہے، اگر کسی عورت کے بال بچے نہ ہوں، شوہر کام کے لئے چلا جاتا ہو اور اسے تنہا اپنے گھر میں رہنا پڑتا ہو تو ظاہر ہے کہ یہ اس کے لئے تکلیف دہ صورت حال ہوگی، اسی لئے فقہاء نے یہ بھی لکھا ہے کہ ایسی صورت میں اس کے لئے کسی ایسی عورت کا بھی نظم کرنا چاہئے، جو اس کے لئے وحشت دور کرنے کا سبب بنے۔(۲)

رہائش گاہ کے معیار کے سلسلہ میں بنیادی چیز مرد کی معاشی صلاحیت اور مقامی عرف ورواج ہے، مثال کے طور پر خلیجی ممالک اور بہت زیادہ گرم مقامات پر ایسے مکان کو آج ضروری سمجھا جاتا ہے، جس میں ایر کنڈیشن کا انتظام ہو؛ لیکن ہندوستان وغیرہ میں اسے ضروری نہیں سمجھا جاتا، تو اسی لحاظ سے رہائش گاہ کا انتظام کرنا واجب ہوگا۔

رہائش میں صرف مکان ہی داخل نہیں ہے؛ بلکہ وہ تمام چیزیں، جو رہائش کے لئے ضرورت کا درجہ اختیار کرگئی ہیں، جیسے فرنیچر، موسم کی رعایت کرتے ہوئے بستر وغیرہ کا نظم یا موجودہ دور میں شہری زندگی میں لائٹ اور پنکھے کا انتظام، یہ ساری سہولتیں رہائش کے دائرہ میں آتی ہیں اور حسب گنجائش ان کا فراہم کرنا مرد کی ذمہ داری ہوگی۔

## تجہیز وتکفین :

دنیا میں انسان کی جو آخری ضرورت ہے، وہ تجہیز وتکفین ہے، اگر مرنے والے نے اتنا مال نہ چھوڑا ہو کہ خود اس کے ترکہ سے اس کے کفن دفن کا انتظام ہوسکے تو جس شخص پر اس کے نفقہ کی ذمہ داری تھی، اسی پر کفن اور دفن کی ذمہ داری ہوگی، چنانچہ علامہ حصکفیؒ لکھتے ہیں :

**( و کفن من لا مال له علی من تجب علیه نفقته ) فإن تعددوا فعلی قدر میراثهم .(۳)**

---

(۱) درمختار مع الرد:۲۵۷/۵

(۲) منحة الخالق علی البحر:۱۹۵/۴، نیز دیکھئے:درمختار ، حوالۂ سابق

(۳) درمختار مع شامی:۱۰۰/۳

جس مرنے والے کا مال نہیں ہو، اس کے کفن کے اخراجات اس شخص کے ذمہ ہوں گے، جس پر اس کا نفقہ واجب تھا، اگر متعدد لوگوں پر نفقہ واجب تھا تو ان سب پر میراث کے حقدار ہونے کی نسبت سے نفقہ واجب ہوگا۔

بیوی کے بارے میں فقہاء کے نقاطِ نظر میں اختلاف ہے، ایک رائے یہ ہے کہ بیوی کی تجہیز وتکفین کی ذمہ داری شوہر پر نہیں ہوگی؛ کیوں کہ انتقال کے ساتھ ہی رشتۂ نکاح منقطع ہو چکا ہے، دوسری رائے یہ ہے کہ اگر اس نے ترکہ چھوڑا ہو تو اس میں سے تجہیز وتکفین ہوگی، ورنہ شوہر پر اس کی ذمہ داری ہوگی، یہ رائے امام ابو یوسفؒ کی طرف بعض لوگوں نے منسوب کی ہے،(۱) تیسری رائے یہ ہے کہ کفن بھی لباس کے درجہ میں ہے، لہٰذا جیسے زندگی میں عورت کا لباس شوہر پر واجب تھا، اسی طرح یہ آخری لباس پہنانا بھی اس کی ذمہ داری ہوگی، امام ابو یوسفؒ کا قولِ راجح یہی ہے،(۲) یہی رائے امام شافعیؒ کی بھی ہے،(۳) ظاہر ہے کہ زندگی بھر کی رفاقت کا تقاضہ یہی ہے کہ اپنے ہم سفر کو آخری سفر پر رخصت کرتے ہوئے مناسب انتظام کر کے رخصت کرے۔

## ماں کا نفقہ :

جن خواتین کا نفقہ واجب ہے، وہ بنیادی طور پر تین ہیں: ماں، بیٹی اور بیوی،—— اسلام میں والدین کو جو اہمیت حاصل ہے، وہ محتاج اظہار نہیں، اللہ تعالیٰ نے اپنی عبادت کے ساتھ ساتھ والدین سے حسن سلوک کی تلقین کی ہے(۴) ماں کے احسانات کا اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر ذکر فرمایا ہے،(۵) اس بات سے بھی منع کیا گیا کہ کوئی اپنے والدین کو 'اُف' تک کہے،(۶) مشہور مفسر بغوی نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ اگر ماں باپ کا پیشاب، پاخانہ

(۱) دیکھئے، البحر الرائق: ۲/۱۷۷ (۲) حوالۂ سابق
(۳) غایۃ القصوی للبیضاوی: ۱/۱۶۳ (۴) اسراء: ۲۳-۲۴
(۵) لقمان ۱۳-۱۴ (۶) اسراء: ۲۳

بھی صاف کرنا پڑے، جیسا کہ وہ بچپن میں تمہارے پیشاب پاخانہ صاف کیا کرتے تھے، تب بھی زبان پر اُف نہ لاؤ، (۱) ظاہر ہے کہ حسن سلوک میں ان کی ضروریات کو پورا کرنا بھی شامل ہے، پس اگر ماں معاشی اعتبار سے خود مکتفی ہو اور اولاد کے نفقہ کی محتاج نہ ہو، تب تو ان کا نفقہ اور ان کی ضروریات کو اپنی طرف سے پورا کرنے کی کوشش کرنا مستحبات اور اخلاقی واجبات میں ہے؛ تاکہ ان کا دل خوش ہو اور یہ خوشی اولاد کے لئے وجہ نجات بنے؛ لیکن اگر وہ محتاج ہو، تب تو ان کا نفقہ اولاد پر واجب ہے اور نفقہ میں خوراک و پوشاک، علاج و رہائش، خادم کا نظم اور دوسری مالی ضروریات شامل ہیں، اگر وہ نفقہ نہیں ادا کرے تو اسے نفقہ ادا کرنے پر مجبور کیا جائے گا، چنانچہ علامہ ابن قدامہؒ فرماتے ہیں :

**ویجبر علی نفقة والدیه الخ .(۲)**

ماں کا نفقہ اختلافِ مذہب کے باوجود واجب ہے، یعنی اگر کسی مسلمان شخص کی ماں یہودی یا عیسائی ہو، یا بیٹا مسلمان ہوگیا ہو اور ماں ابھی کافر و مشرک ہو، تب بھی اس کا نفقہ واجب ہوگا، **و لا تجب نفقة مع اختلاف الدین إلا للزوجة والأبوین ..... الخ** (۳) اس میں شبہ نہیں کہ بیوی کو اس بات کا حق دیا گیا ہے کہ اگر وہ چاہے تو الگ رہائش کا مطالبہ کرے؛ لیکن یہ حکم عام حالات میں ہے، اگر ماں خدمت و تیمارداری کی محتاج ہو تو اولاد پر واجب ہے کہ وہ اس کا انتظام کرے اور اگر کوئی دوسری خاتون اس کے لئے مہیا نہیں ہو سکے تو وہ اپنی بیوی کو اس پر مجبور کر سکتا ہے؛ کیوں کہ ساس کی خدمت بھی دیانتاً واجب ہے اور جو چیز دیانتاً واجب ہوتی ہے، وہ ضرورت و مجبوری کے وقت قانوناً واجب قرار دی جا سکتی ہے۔

## بیٹی کا نفقہ :

بیٹی کا نفقہ باپ پر واجب ہے، بشرطیکہ وہ خود اپنی ضروریات پوری نہیں کر سکتی ہو، ایک تو بچپن سے بالغ ہونے اور نکاح کے بعد شوہر کے یہاں رخصت ہونے تک بیٹی کا نفقہ باپ

---

(۱) دیکھئے: تفسیر بغوی: ۶۷۵/۲ آیت مذکورہ (۲) المغنی: ۳۷۳/۱۱

(۳) الجوهرة النیرة: ۱۷۳/۲

کے ذمہ ہے، **والأنثیٰ حتی یدخل بها زوجها** ،(۱) اس سلسلہ میں علامہ ابن قدامہؒ نے ایک حدیث بھی نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لڑکی کا نفقہ شادی تک باپ کے ذمہ رہے گا، **ولا تسقط نفقة الجارية حتیٰ تتزوج** ،(۲) بلکہ بعض فقہاء مالکیہ نے صراحت کی ہے کہ اگر شادی ہوگئی؛ لیکن شوہر اتنا تنگ دست ہے کہ نفقہ ادا نہیں کرسکتا، تب بھی والد کے ذمہ نفقہ واجب رہے گا،..... **أی الموسر لا الفقیر ، فتستمر فلا تسقط۔**(۳)

اگر خدانخواستہ بیٹی پر طلاق واقع ہوجائے یا وہ بیوہ ہوجائے تو پھر اس کے نفقہ کی ذمہ داری باپ پر لوٹ آئے گی، **واستمرت إن دخل زمنة ثم طلق** ،(۴) اگر لڑکی خود کمائے اور اپنی ضروریات پوری کرلے تب تو باپ پر اس کا نفقہ واجب نہیں ؛ لیکن والد اپنی لڑکی کو کسبِ معاش پر مجبور نہیں کرسکتا، **ولا یجوز للأب أن یجبرها علی الإقتصاد**،(۵) ماں کی طرح بیٹی کا نفقہ بھی اختلاف مذہب کے باوجود واجب ہوتا ہے، یعنی بیٹی مسلمان نہ ہو، تب بھی اس کا نفقہ واجب ہے،(۶) پھر یہ بات بھی جائز نہیں ہے کہ نفقہ کے معاملہ میں بیٹے کو بیٹی پر ترجیح دی جائے ؛ کیوں کہ زندگی میں تمام اولاد کے ساتھ شریعت نے مساویانہ طور پر ہبہ کرنے کو واجب قرار دیا ہے۔

## بیوی کا نفقہ :

بیوی کے نفقہ کی خاص اہمیت ہے، دوسرے رشتہ داروں کا نفقہ تو اس وقت واجب ہے، جب کہ وہ خود اپنے اخراجات پورے نہیں کرسکیں اور ان کا نفقہ صلہ رحمی کے طور پر واجب قرار دیا گیا ہے ؛ لیکن بیوی کا نفقہ بطور معاوضہ کے واجب ہے، بیوی اپنے آپ کو شوہر کے لئے محبوس ومقید رکھتی ہے، اس کے گھر اور بال بچوں کی نگہداشت کرتی ہے، اس کے لئے اولاد کا ذریعہ بنتی ہے، خود اس کی فطری ضرورت کی تکمیل کا ذریعہ اور اس کے لئے وجہ سکون ہے، اس کا

(۱) الخرشی:۲۰۴/۴، نیز دیکھئے: فتاویٰ قاضی خاں علی هامش الهندیه:۴۴۷/۱

(۲) المغنی لإبن قدامة:۳۷۸/۱۱ (۳) حاشیه علی الخرشی:۲۰۴/۴

(۴) الخرشی:۲۰۴/۴ (۵) الفقه الإسلامی وأدلته:۸۲۱/۷

(۶) دیکھئے، الجوهرة النیرة:۱۷۳/۲

نفقہ ہر حال میں واجب ہے، خواہ مالدار ہو یا غریب، بیوی خود اپنے اخراجات کی کفالت کر سکتی ہو یا نہیں کر سکتی ہو اور شوہر دولت مند ہو یا غریب ہو، اسی لئے قرآن مجید نے نفقہ کا حکم بہت ہی وضاحت وصراحت کے ساتھ دیا ہے، **وعلی المولود لہ رزقھن و کسوتھن بالمعروف**۔(۱)

## جائز حق کی بنا پر اپنے آپ کو روک لے؟

بیوی کا نفقہ صرف اس وقت واجب نہیں ہوتا، جب کہ وہ ناشزہ ہو، ناشزہ کے معنی نافرمانی کے ہیں اور فقہ کی اصطلاح میں ''ناشزہ'' اس عورت کو کہتے ہیں، جو اپنے کسی جائز حق کے بغیر، شوہر کا گھر چھوڑ کر اپنے میکہ یا کہیں اور چلی جائے،(۲) گویا ناشزہ ہونے کے لئے دو باتوں کا پایا جانا ضروری ہے، ایک یہ کہ اس نے شوہر کی اجازت کے بغیر اس کا گھر یا اس کی فراہم کی ہوئی رہائش گاہ چھوڑ کر چلی گئی ہو، اگر وہ بداخلاقی اور نافرمانی کا ثبوت دے؛ لیکن رہے شوہر کے مکان میں ہی، اس کو چھوڑ کر جائے نہیں، تو اس کا نفقہ شوہر کے ذمہ واجب رہے گا، **(و خارجة من بیته بغیر حق) وھی الناشزة حتی تعود ولو بعد سفرہ**۔(۳)

دوسرے اس کا شوہر کے یہاں سے جانا یا شوہر کے یہاں آنے سے انکار کرنا اپنے کسی جائز حق کی بنا پر ہو تو باوجود اس کے کہ وہ شوہر کے یہاں آنے سے انکار کر دے، شوہر پر اس کا نفقہ واجب رہے گا، **فإن طالبھا بالنقلة فامتنعت فإن کان امتناعھا بحق بأن امتنعت لإستیفاء مھر العاجل فلھا النفقة**،(۴) اسی طرح فقہ شافعی کی معروف کتاب مغنی المحتاج میں ہے:..... **مالو امتنعت نفسھا لتسلیم المھر العین أو الحال فإن لھا النفقة من حینئذ**،(۵) اگر شوہر کے جانے میں عورت کی جان و مال اور عزت وآبرو کو خطرہ ہو، یا تجربہ

---

(۱) البقرۃ ۲۳۳ (۲) دیکھئے، ردالمحتار: ۲۸۶/۵)

(۳) درمختار مع شامی: ۲۸۶/۵، ط: زکریا (۴) بدائع الصنائع: ۴۲۲/۳-۴۲۳

(۵) مغنی المحتاج: ۴۳۵/۳

اور دھمکی کی بناپر یہ اندیشہ ہو کہ شوہر یا سسرال کے لوگ اسے تکلیف پہنچائیں گے، یا شوہر خوراک و پوشاک یا رہائش کا مناسب انتظام نہیں کرتا ہو، بیوی کو کمانے پر مجبور کرتا ہو، یا اس کو کسی خلاف شریعت کام کے لئے جبر کرتا ہو، جہیز کا مطالبہ کرتا ہو، مہر فوری ادا کرنے کی بات تھی اور ادا نہیں کر رہا ہو تو ان تمام صورتوں میں عورت کا شوہر کے ساتھ جانے سے انکار کر دینا اپنے جائز حق کی بناء پر انکار کرنا ہوگا اور باوجود شوہر کے ساتھ نہیں جانے کے اس کا نفقہ واجب رہے گا۔

## گذرے ہوئے دنوں کا نفقہ

دوسرا قابل ذکر مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے کچھ عرصہ بیوی کا نفقہ ادا نہیں کیا ہو اور اس نے کسی طرح اپنے وقت کاٹ لئے تو شوہر پر گذشتہ دنوں کا نفقہ واجب ہوگا یا نہیں؟ —— مالکیہ کہتے ہیں کہ واجب ہوگا "تطالبه إذا أيسر (وإن لم يفرضه) عليه (حاكم)"(۱) شوافع بھی اسی کے قائل ہیں "إذا لم يكسها مدة، صارت الكسوة دينا عليه"(۲) اور یہی نقطۂ نظر حنابلہ کا ہے؛ بلکہ ابن قدامہ نے صراحت کی ہے کہ چاہے بیوی کا نفقہ نہ ادا کرنا کسی عذر کی بناپر ہو یا بلا عذر، ہر صورت میں شوہر پر نفقہ دین رہے گا، **ومن ترك الإنفاق الواجب لإمرأة مدة، لم يسقط بذلك، وكانت دينا في ذمته، سواء تركها لعذر أو غير عذر في أظهر الروايتين۔**(۳)

احناف کا نقطۂ نظر اس سلسلہ میں کسی قدر مختلف ہے، حنفیہ کے نزدیک گذرے ہوئے دنوں کا نفقہ دو ہی صورتوں میں واجب ہوگا، یا تو زوجین نے آپس میں ماہانہ نفقہ کے لئے مقدار کا معاہدہ کر لیا تھا یا قاضی نے نفقہ کا فیصلہ شوہر کے خلاف نفقہ واجب ہونے کا اور اس کی متعین مقدار ہونے کا فیصلہ کر دیا تھا اور اس معاہدہ اور فیصلہ کے باوجود اک عرصہ گذر گیا اور نفقہ ادا نہیں کیا تو اس مدت کا نفقہ شوہر کو ادا کرنا ہوگا، اور اگر پہلے سے باضابطہ کوئی معاہدہ نہیں ہوا یا قاضی

(۱) حاشية الدسوقي: ۴۹۲/۳ (۲) روضة الطالبين: ۵۵/۹

(۳) المغني: ۳۶۶/۱۱

کا فیصلہ نہیں ہوا ہو اور شوہر کا نفقہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے اس نے کسی طرح اپنی ضرورت پوری کرلی ہو تو اب اس مدت کا نفقہ واجب نہیں ہوگا، (۱) —— لیکن یہ نقطۂ نظر غالباً اس عہد کے حالات پر مبنی تھا، جب کہ عدالت سے رُجوع کرنا اور نفقہ کا فیصلہ حاصل کرنا چنداں دشوار نہیں تھا، ہمارے دور میں عدالت سے رُجوع کرنے میں جس تگ ودو اور تضییع اوقات سے گذرنا پڑتا ہے اور جس مالی زیر باری سے انسان دوچار ہوتا ہے، اس کے باوجود ایک ایسے حق کو حاصل کرنے کے لئے جو شرعاً واجب ہے، اس کا مکلّف کرنا یقیناً ناانصافی ہوگی اور یہ جفا شعار شوہروں کے لئے فرار کا راستہ اختیار کرنے کا چور دروازہ بن جائے گا، اس لئے فی زمانہ جمہور کی رائے پر عمل کیا جانا چاہئے ؛ کیوں کہ شریعت کا عمومی اُصول یہ ہے کہ جب کوئی حق واجب ہو تو دو ہی صورتوں میں ساقط ہوتا ہے یا تو صاحب حق کا حق ادا کر دیا جائے یا وہ اپنا حق معاف کر دے۔

## اگر شوہر نفقہ ادا کرنے پر قادر نہ ہو؟

اگر کوئی شخص اپنی بیوی کا نفقہ ادا نہیں کرے اور یہ نفقہ ادا نہیں کرنا اس بنیاد پر ہو کہ شوہر معاشی تنگی کی وجہ سے بیوی کا نفقہ ادا کرنے پر قادر ہی نہ ہو اور خود بیوی بھی اس موقف میں نہ ہو کہ اپنی ضروریات خود پوری کر سکے تو اس صورت میں اکثر فقہاء کے نزدیک اس کا نکاح فسخ کر دیا جائے گا؛ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے بیوی کے سلسلہ میں دو ہی راستے رکھے ہیں، ''**إمساک بالمعروف یاتسریح بالإحسان**'' (۲) '**إمساک بالمعروف**' کے معنی ہیں: بھلے طریقہ پر بیوی کو رکھنا، ظاہر ہے کہ بیوی کو طلاق بھی نہ دینا اور اس کو فاقہ کشی پر مجبور کیا جانا بھلے طریقہ پر رکھنا نہیں ہے، جب کوئی شخص اس پر قادر نہیں ہو اور وہ بیوی بھی اس حالت پر صبر کرنے کی کیفیت میں نہ ہو تو اس کے لئے یہی راستہ ہے کہ وہ بہتر طریقہ پر بیوی کو چھوڑ دے، اگر شوہر نفقہ بھی ادا نہیں کر سکے اور بیوی کو چھوڑنے پر بھی تیار نہیں ہو تو بیوی کے مطالبہ پر قاضی اس کا نکاح

(۱) ردالمحتار:۱۲۵/۵-۳۱۱، مجمع الأنهر:۴۹۱/۱

(۲) البقرہ:۲۲۹

فسخ کردے گا، مالکیہ، شوافع اور حنابلہ کی یہی رائے ہے، (۱) —— حنفیہ کے نزدیک چوں کہ رشتۂ نکاح سرد وگرم میں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کے لئے ہے؛ اس لئے اگر شوہر نفقہ سے عاجز ہوتو نکاح فسخ نہیں کیا جائے گا؛ بلکہ قاضی کے فیصلہ کے مطابق عورت شوہر کے نام پر قرض لے کر اپنی ضروریات پوری کرے گی۔ (۲)

موجودہ دور میں چوں کہ سرکاری عدالتی نظام سے انصاف حاصل کرنے میں بڑی دشواری ہے، مسلمان اپنے طور پر جو دارالقضاء قائم کرتے ہیں، ان کو قوتِ تنفیذ حاصل نہیں ہے اور ایسی دشواریوں میں بھی باوجود مطالبہ کے عورت کا نکاح فسخ نہیں کرنا فتنہ اور اس کے گناہ میں پڑ جانے کا باعث ہوسکتا ہے؛ اس لئے ہندوستان میں دارالقضاء کا عمل جمہور کے مسلک کے مطابق ہے۔

## قدرت کے باوجود نفقہ ادا نہیں کرے؟

دوسری صورت یہ ہے کہ شوہر نفقہ ادا کرنے پر قادر ہو، پھر بھی ادا نہیں کرے، اس صورت میں اکثر فقہاء کی رائے یہ ہے کہ اگر شوہر کا پیسہ یا سامان گرفت میں آجائے تو اس کو فروخت کرکے اس کی بیوی کا نفقہ عدالت ادا کرے گی؛ لیکن اگر یہ ممکن نہ ہوسکے اور عورت فسخ نکاح کا مطالبہ کرتی ہوتو اس کا نکاح فسخ کردیا جائے گا، یہی رائے فقہاء مالکیہ کی ہے، (۳) اور یہی نقطۂ نظر فقہاء حنابلہ کا بھی ہے؛ البتہ انھوں نے صراحت کی ہے کہ اگر شوہر کا مال موجود ہوتو بیوی بہ اجازت یا بلا اجازت اس میں سے خرچ کرے اور وہ بھی نہ ہوسکے تب قاضی نکاح فسخ کردے، (۴)

---

(۱) مالکیہ کے نقطۂ نظر کے لئے دیکھئے: مختصر خلیل مع مواہب الجلیل: ۵۶۱/۵، حاشیہ خرشی: ۹۷/۴-۱۹۶، حاشیہ دسوقی: ۹۵/۳-۴۹۴، شرح الصغیر: ۴۶/۲-۷۴۵، فقہ شافعی کے لئے دیکھئے: منهاج مع مغنی المحتاج: ۴۳/۳-۴۴۲، الوجیز للغزالی: ۳۳۷، روضة الطالبین: ۷۲/۹، اور فقہ حنبلی کے لئے دیکھئے: المغنی لابن قدامه: ۶۱/۱۱-۲۶۰، المقنع: ۳۶۳/۲۴، باب النفقات، الکافی: ۹۱/۵

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے: بدائع الصنائع: ۵۲۴۳/۲، مجمع الأنہر: ۴۹۰/۱، البحر الرائق: ۳۱۲/۴، ردالمحتار: ۳۰۶/۵

(۳) دیکھئے، حاشیہ دسوقی: ۴۹۴/۳، الشرح الصغیر: ۷۴۶/۲، حاشیہ صاوی علی الشرح الصغیر: ۷۴۵/۲

(۴) المقنع: ۳۹۲/۲۴، الانصاف علی المقنع: ۳۸۲/۲۴

فقہاء شوافع کے یہاں دونوں طرح کے اقوال ہیں، امام غزالی کا رجحان یہ ہے کہ عورت کے مطالبہ پر اس کا نکاح فسخ کردیا جانا چاہئے، (۱) لیکن حنفیہ کے نزدیک اس صورت میں بھی اس کا نکاح فسخ نہیں کیا جائے گا؛ بلکہ قاضی اس کو قید کرکے اس بات پر مجبور کرے گا کہ بیوی کا نفقہ ادا کرے۔ (۲)

جیسا کہ اوپر مذکور ہوا حنفیہ کی یہ رائے بھی فقہاء کے دور میں پائے جانے والے آسان اور ارزاں نظام عدل کے پس منظر میں ہے، موجودہ دور میں اس پر عمل کرنا بہت دشوار اور عورت کے لئے حق وانصاف سے مسلسل محرومی کا باعث ہوگا، اس لئے اکابر علماء ہند نے اس بارے میں مالکیہ کے مسلک کو اختیار کیا ہے، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے اپنی کتاب ''الحیلۃ الناجزۃ'' میں اور حضرت مولانا عبدالصمد رحمانیؒ نے ''کتاب الفسخ والتفریق'' میں اس پر تفصیل سے گفتگو کی ہے۔

## طلاق کے بعد

طلاق کے ساتھ ہی رشتۂ نکاح ختم ہوجاتا ہے؛ لیکن جب تک عدت نہ گذر جائے اس وقت تک وہ دوسرا نکاح نہیں کرسکتی؛ اس لئے اس کا نفقہ سابق شوہر پر واجب رہتا ہے، اس کی صراحت خود قرآن مجید میں موجود ہے، جو مطلّقہ حمل کی حالت میں ہو، اس کی عدت ولادت تک ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ''وإن کن أولات حمل فانفقوا علیھن حتی یضعن حملھن، (۳) یعنی جب مطلقہ عورت حمل کی حالت میں ہو تو ولادت تک اس کا نفقہ ادا کرنا ہے؛ اس لئے اس بات پر فقہاء کا اتفاق ہے کہ عدت کے بعد مطلقہ کا نفقہ واجب نہیں ہے، عدت کی حالت میں بعض فقہاء کے نزدیک بہر صورت مطلقہ کا نفقہ واجب ہے، چاہے اس کو طلاق رجعی دی گئی ہو یا طلاق بائن ومغلظہ، اور وہ حمل کی حالت میں ہو یا نہ ہو، اسی طرح اس پر بھی اتفاق ہے کہ اگر حاملہ ہو تو طلاق بائن اور طلاق مغلظہ کی صورت میں بھی نفقہ

---

(۱) مغنی المحتاج: ۴۴۲/۳

(۲) دیکھئے: البحر الرائق: ۳۱۵/۴، مجمع الأنھر: ۴۹۰/۱ ودیگر کتب

(۳) الطلاق: ۶

اور رہائش واجب ہوگی؛ البتہ اگر طلاق بائن یا طلاق مغلظہ دی گئی اور وہ حمل کی حالت میں نہ ہوتو مالکیہ، شوافع اور حنابلہ کے یہاں نفقہ اور رہائش واجب نہیں ہوگی اور ایک قول کے مطابق صرف رہائش واجب ہوگی، حنفیہ کے نزدیک طلاق بائن ہو یا طلاق مغلظہ اور مطلقہ اس وقت حمل کی حالت میں رہی ہو یا نہیں رہی ہو، ہر صورت میں عدت کا نفقہ واجب ہوگا؛ کیوں کہ عورت سابق شوہر کی وجہ سے عدت میں محبوس ہوتی ہے، وہ کہیں جا بھی نہیں سکتی اور خود کما بھی نہیں سکتی، نہ دوسرا نکاح کرسکتی ہے۔(۱)

عدت گذرنے کے بعد چوں کہ رشتۂ نکاح مکمل طور پر ختم ہوجاتا ہے؛ اسی لئے اس کا نفقہ واجب نہیں رہتا، اگر عدالت فیصلہ بھی کردے تو مسلمان عورت کے لئے اس کا لینا جائز نہیں ہوگا، (اس موضوع پر تفصیلی مطالعہ کے لئے دیکھئے: حضرت مولانا قاضی مجاہد الاسلام قاسمیؒ کا رسالہ: نفقۂ مطلقہ کے احکام، کتاب وسنت کی روشنی میں)؛ البتہ اگر مطلقہ کے کم سن بچے ہوں، جس کا حق پرورش شرعاً عورت کو حاصل ہو یعنی لڑکی کے بالغ ہونے تک اور لڑکے کے آٹھ دس سال کی عمر کو پہنچنے تک، تو جب تک عورت بچوں کی پرورش کرتی رہے گی، بچوں کے نفقہ کے علاوہ، عورت کے پرورش کی اجرت بھی اس مرد پر واجب ہوگی، یہ اُجرت کم سے کم اتنی مقدار میں ہونی چاہئے کہ عورت کے نفقہ کی ضرورت پوری ہوجائے، گویا ایسی مطلقہ عورت نفقہ کی حقدار تو ہوگی؛ لیکن بطور نفقۂ زوجیت کے نہیں؛ بلکہ بطور اُجرت پرورش کے: **أما أجرة الحضانة فللأم** (۲)؛ بلکہ اگر بچہ اتنا کم سن ہو کہ ابھی دودھ پی رہا ہو تو فقہاء نے عورت کو بچہ کے نفقہ کے علاوہ دو اُجرت کا حقدار قرار دیا ہے، ایک اُجرتِ پرورش اور دوسرے دودھ پلانے کی اُجرت، علامہ ابن نجیم مصریؒ نے اس پر تفصیل سے روشنی ڈالتے ہوئے لکھا ہے:

**فعلى هذا تجب على الأب ثلاثة، أجرة الرضاع، أجرة الحضانة ونفقة الولد.** (۳)

---

(۱) دیکھئے کتب فقہ: فقہ حنفی، بدائع الصنائع: ۴۲۲/۳، فقہ مالکی: مواہب الجلیل: ۵۵۳/۵، فقہ شافعی: مغنی المحتاج: ۴۴۰/۳، فقہ حنبلی: الکافی: ۸۱/۵، الشرح الکبیر: ۳۱۰/۲۴

(۲) درمختار مع الرد: ۲۷۷/۵ (۳) البحر الرائق: ۲۲۱/۴

پس، اس طرح باپ پر تین چیزیں واجب ہوں گی، دودھ پلانے
کی اُجرت، پرورش کی اُجرت اور لڑکے کا نفقہ۔

## دوسری رشتہ دار خواتین کا نفقہ

بعض حالات میں ماں، بیٹی اور بیوی کے علاوہ دوسری رشتہ دار خواتین، جیسے دادی، نانی، پھوپھی، خالہ، بہن، بھتیجی، بھانجی، پوتی اور نواسی وغیرہ کا نفقہ بھی واجب ہوتا ہے؛ بشرطیکہ یہ خواتین خود اپنے اخراجات پورا کرنے کے موقف میں نہیں ہوں اور جس شخص پر نفقہ واجب قرار دیا جارہا ہو، وہ نفقہ ادا کرنے کے موقف میں ہو، یہ نفقہ محرم رشتہ داروں پر واجب ہوگا اور جس حساب سے وہ اس کے ترکہ میں وارث ہوسکتے ہیں، اسی نسبت سے اسے نفقہ ادا کرنا ہوگا، **ونفقة المحارم تجب على ذى الرحم المحرم**، (۱) ایسے خصوصی حالات میں نفقہ ادا کرنے کا خاص اجر ہے، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیوہ اور مسکین کی ضرورت میں کام آنے والا ایسے شخص کے حکم میں ہے، جو اللہ کے راستہ میں جہاد کرے، رات بھر عبادت کرے اور دن بھر روزہ رکھے۔ (۲)

☆ ☆ ☆ ☆

(۱) فتاویٰ خانیہ علی ہامش الہندیہ: ۱/۴۴۹

(۲) بخاری: کتاب النفقات، حدیث نمبر: ۵۳۵۳

# مہر — ایک اہم شرعی حق

نکاح سے متعلق ایک اہم مالی ذمہ داری ''مہر'' بھی ہے، مہر عورت کے وجود کا معاوضہ نہیں ہے، بلکہ عصمت انسانی کے احترام کے طور پر مہر ادا کیا جاتا ہے، قرآن مجید کی متعدد آیتوں میں مہر کا ذکر آیا ہے، مہر نکاح کے واجبات میں سے ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ''**واتوا النساء صدقاتهن نحلة** ''(۱) ''اور تم بیویوں کو ان کے مہر خوش دلی سے دے دیا کرو'' (۲) حضرت عائشہؓ نے 'نحلہ'' کا ترجمہ 'فریضہ' سے کیا ہے اور ایک معروف عالم لغت نے کہا ہے کہ عربی زبان میں 'نحلہ' واجب کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، (۳) اس لئے مہر کا مقرر کرنا اور اس کا ادا کرنا واجب ہے، اگر کوئی شخص مہر نہیں دینے کی شرط پر نکاح کر لے، تب بھی عورت کا خاندانی مہر (مہر مثل) واجب ہوگا اور امام مالک کے یہاں تو ایسی صورت میں نکاح ہی منعقد نہیں ہوگا۔

## مہر کی مقدار

مہر کی کم سے کم مقدار دس درہم ہے، (۴) اگر کسی شخص نے اس سے بھی کم مہر مقرر کیا، تو اس کا اعتبار نہیں، ایسی صورت میں بھی کم سے کم دس درہم کے بقدر مہر واجب ہوگا، (۵) کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مہر دس درہم سے کم نہیں ہونا چاہئے، **لا مهر دون عشرة دراهم**، (۶) دس درہم کی مقدار موجودہ اوزان میں تیس گرام چھ سو اٹھارہ ملی گرام ہوگا (۳۰ء۶۱۸) ہے، امام مالکؒ کے نزدیک مہر کی کم سے کم مقدار چوتھائی دینار سونا یا تین درہم خالص

(۱) النساء ۴ (۲) تفسیر ماجدی: ۶۹۳/۱

(۳) دیکھئے، تفسیر ابن کثیر: ۴۲۷/۱، تفسیر آیت مذکورہ

(۴) بدائع الصنائع: ۵۶۱/۲ (۵) درمختار: ۱۶۹/۴

(۶) سنن بیہقی: ۳۹۲/۷، حدیث نمبر: ۱۴۳۸۲

چاندی ہے،(۱) چوتھائی دینار کا وزن موجودہ اوزان میں (تقریباً ۴ ۱/۲ ماشہ سونا) اور تین درہم کا ۱۱ گرام کے قریب ہوتا ہے، امام مالکؒ نے بھی بعض احادیث کو ملحوظ رکھا ہے، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک کم ترین مقدار مہر کی کوئی حد نہیں، کم سے کم جو چیز قیمت یا اُجرت بن سکتی ہو، وہ مہر بھی ہوسکتی ہے،(۲) لیکن اس پر اتفاق ہے کہ زیادہ سے زیادہ مہر کی کوئی مقدار متعین نہیں؛ کیوں کہ قرآن مجید میں مہر کے لئے 'قنطار' کا لفظ وارد ہوا ہے،(۳) جس کے معنی بہت زیادہ مال کے ہیں، **وهو المال الكثير**،(۴) حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے بارہ ہزار درہم یا ایک ہزار دینار کو 'قنطار' قرار دیا ہے،(۵) جو نہایت خطیر رقم ہوتی ہے۔

چنانچہ عہد نبوی ﷺ اور عہد صحابہؓ میں بعض دفعہ مہر کی اچھی خاصی مقدار بھی متعین کی گئی ہے، خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات میں سے حضرت اُم حبیبہؓ کا مہر چار ہزار درہم مقرر ہوا تھا، جو آپ ﷺ کی طرف سے شاہ حبش نجاشی نے مقرر کیا تھا اور انھوں نے ہی ادا بھی کردیا تھا،(۶) اس سلسلہ میں ایک لطیفہ بھی قابل ذکر ہے، حضرت عمرؓ نے جب دیکھا کہ لوگ بطور تفاخر کے بہت زیادہ مہر مقرر کرنے لگے ہیں تو چاہا کہ زیادہ سے زیادہ مقدار مہر چار سو درہم متعین کردی جائے، آپؓ نے یہ بات خطبہ کے دوران ممبر پر ارشاد فرمائی، حضرت عمرؓ جب خطبہ دے کر نیچے اُترے، تو ایک قریشی خاتون نے کہا: آپ نے یہ کیسے کہہ دیا، جب کہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ ''قنطار'' یعنی بے شمار مال (بہ طور مہر) دے دو، تو اسے واپس لینے کی کوشش مت کرو،(۷) حضرت عمرؓ کا مزاج بلا تأمل حق کو قبول کر لینے کا تھا، چنانچہ فوراً فرمایا: **اللّٰهم غفراً ، كل الناس أفقه من عمر**، (بارِالٰہا! مجھے معاف کردیجئے،

---

(۱) الشرح الصغیر: ۲/۴۲۹، مواہب الجلیل: ۵/۱۸۶

(۲) شرح مہذب: ۷/۱۸، المغنی: ۱۰/۱۰۱ (۳) النساء: ۲۰

(۴) دیکھئے تفسیر بغوی: ۱/۴۹۸ (۵) سنن بیہقی: ۷/۳۸۱، حدیث نمبر: ۱۴۳۴۰

(۶) سنن ابی داؤد، حدیث نمبر: ۲۱۰۸، نیز دیکھئے، سنن بیہقی: ۷/۳۸۲، حدیث نمبر: ۱۴۳۴۶

(۷) النساء: ۲۰

ہر شخص عمر سے زیادہ فقیہ ہے) پھر آپ دوبارہ ممبر پر چڑھے اور فرمایا: لوگو! میں نے تمہیں چار سو درہم سے زیادہ مہر رکھنے سے منع کیا تھا، لیکن جو چاہے اس سے زیادہ بھی اپنے مال میں سے دے سکتا ہے۔(۱)

جب اللہ تعالیٰ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو فراخی عطا فرمائی اور معاشی حالات بہتر ہوئے تو انھوں نے زیادہ مہر بھی مقرر کئے، خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ انھوں نے جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کی صاحب زادی حضرت اُم کلثومؓ سے نکاح کیا، تو ان کا مہر چالیس ہزار درہم مقرر کیا، (۲) غالباً یہ خانوادۂ نبوت کی توقیر وتکریم کے طور پر تھا، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ اپنی صاحب زادیوں کا مہر ایک ہزار دینار رکھتے تھے، (۳) بعض میں پندرہ سو دینار کا بھی ذکر آیا ہے، (۴) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ایک خاتون سے بیس ہزار مہر پر نکاح کیا، (۵) روایت میں مطلق بیس ہزار ہے، لیکن غالباً اس سے بیس ہزار درہم مراد ہوں گے، اس سے معلوم ہوا کہ اگر زیادہ مہر رکھنا محض اپنی بڑائی کے اظہار کے لئے نہ ہو؛ بلکہ واقعی وہ بیوی کو اتنی رقم دینے کا ارادہ رکھتا ہو اور اس کے اندر اس کی استطاعت ہو، تو اس میں حرج نہیں۔

لیکن عام حالات میں مہر کی مقدار نہ اتنی کم ہونی چاہئے کہ اس کی کچھ اہمیت ہی باقی نہ رہے اور نہ اتنی زیادہ ہونی چاہئے کہ ادائیگی دشوار ہو جائے اور ادائیگی کی نیت نہ ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کا مہر عام طور پر پانچ سو درہم تھا، (۶) راجح یہی ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا مہر بھی پانچ سو درہم ہی تھا، (۷) اسی لئے متعدد اہل علم نے لکھا ہے کہ مستحب ہے کہ پانچ سو درہم سے زیادہ مہر نہیں رکھا جائے، (۸) پانچ سو درہم کی مقدار موجودہ اوزان میں (۱۵۳۰ء۹۰۰) ہوتی ہے۔

(۱) مجمع الزوائد: ۲۲/۴-۵۲۱، حدیث نمبر: ۵۰۱۷ (۲) سنن بیہقی: ۳۸۱/۷، حدیث نمبر: ۱۴۳۴۱
(۳) سنن بیہقی: ۳۸۱/۷، حدیث نمبر: ۱۴۳۴۶ (۴) دیکھئے مصنف عبدالرزاق: ۱۸۰/۶، حدیث نمبر: ۱۰۴۱۹
(۵) سنن بیہقی: ۳۸۱/۷، حدیث نمبر: ۱۴۳۴۳ (۶) مسلم عن ابی سلمہ، حدیث نمبر: ۱۴۲۶
(۷) موسوعۃ حیات الصحابیات، ص: ۶۲۴، محمد سعید مبیض (۸) دیکھئے: الکافی: ۳۲۸/۴، شرح مہذب: ۹/۱۸

## سونے چاندی میں مہر

غرض کہ مہر کے مقرر کرنے میں اعتدال ہونا چاہئے، مہر بالکل بے حیثیت بھی نہ ہو اور اتنا زیادہ بھی نہ ہو کہ شوہر کے لئے ادا کرنا ممکن نہ رہے، نیز اس میں فقہاء نے خاندانی روایات کو بھی ملحوظ رکھا ہے، یعنی لڑکی کے دادیہالی خاندان میں جو مہر رکھا جاتا ہو، اس کو ملحوظ رکھا جائے، اسی کو فقہ کی اصطلاح میں ''مہر مثل'' کہتے ہیں، مہر مثل سے مراد صرف تعداد نہیں ہے؛ بلکہ اس کی قدر اور قوت خرید بھی ہے، جیسے بیس سال پہلے لڑکی کی پھوپھی کا مہر دس ہزار روپیہ رکھا گیا ہو اور آج اس کا مہر دس ہزار روپیہ رکھ دیا جائے، تو یہ انصاف کی بات نہیں ہوگی، کیوں کہ بیس سال پہلے دس ہزار میں کم سے کم پانچ تولہ سونا خرید کیا جاسکتا تھا اور آج اس سے ایک تولہ سونا بھی نہیں خرید کیا جاسکتا، تو اعتبار صرف دس ہزار کے عدد کا نہیں ہے؛ بلکہ اس کی قوت خرید کا بھی ہے، افسوس کہ آج کل مہر کے معاملہ میں بھی افراط وتفریط ہے، بہت سے علاقوں اور برادریوں میں آج بھی پانچ سو روپیہ مہر مقرر کیا جاتا ہے اور بعض حضرات محض اظہار تفاخر کے طور پر کئی کئی لاکھ روپے مہر مقرر کرتے ہیں اور ادا نہیں کرتے۔

آج کل چوں کہ کرنسی کی قیمت میں استحکام نہیں ہے اور مسلسل اتار کا رجحان ہے، آج سے بیس پچیس سال پہلے پانچ ہزار روپے کی اہمیت تھی، لیکن آج اتنی رقم سے ایک غریب گھرانے کی زندگی بھی نہیں گذر پاتی اور ہندوستان میں نقد مہر ادا کرنے کا رواج نہیں ہے، ان حالات میں مناسب طریقہ یہ ہے کہ مہر سونے یا چاندی میں مقرر کیا جائے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں درہم چاندی کا اور دینار سونے کا ہوا کرتا تھا، کیوں کہ سونے اور چاندی کی قیمت میں ابھی بھی ایک حد تک استحکام ہے، اس لئے یہ عورت کے حق میں انصاف کی بات ہوگی، مثلاً اگر آج پانچ تولہ سونا مہر مقرر کیا جائے، تو اس کی قیمت پچاس ہزار یا اس سے کچھ زیادہ ہے، اگر اگلے بیس سال کے بعد بھی مہر ادا کیا جائے تو عورت کو پانچ تولہ سونا حاصل ہوگا، اس کے برخلاف اگر پچاس ہزار مہر مقرر ہو، تو ممکن ہے بیس سال بعد اس سے دو ہی تولہ سونا خرید کیا جاسکے، ظاہر ہے یہ عورت کے لئے نہایت نا منصفانہ بات ہوگی کہ ایک تو اس کا مہر

وقت پر ادا نہیں کیا گیا، دوسرے جو مہر دیا گیا، اس کی بھی اب قیمت نہایت کم ہوگئی، چنانچہ اس سلسلہ میں ''اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا'' نے اپنے دوسرے فقہی سیمینار منعقدہ ۱۹۸۹ء میں حسب ذیل تجویز منظور کی ہیں :

> مہر کی سونے اور چاندی کے ذریعہ تعیین عمل میں آئے ؛ تاکہ پوری طرح عورتوں کے حقوق کا تحفظ ہو سکے اور سکوں کی قوت خرید میں کمی کی وجہ سے ان کو نقصان نہ پہنچے۔(۱)

## مہر — شوہر پر ایک قرض

یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے کہ مہر بھی دوسرے قرضوں کی طرح ایک قرض ہے، اس لئے صحیح طریقہ تو یہ ہے کہ مہر نکاح کے وقت ہی ادا کر دیا جائے، صحابہ رضی اللہ عنہم اور بعد کے ادوار میں بھی عام معمول یہی تھا کہ نکاح کے وقت ہی مہر ادا کر دیا جاتا تھا، اور اگر پورا مہر ادا نہیں کر پاتے تب بھی مہر کا کچھ نہ کچھ حصہ نکاح کے وقت دے دیا جاتا، یہ روایت عربی اسلامی معاشرہ میں اتنی قوت کے ساتھ قائم تھی کہ فقہاء نے لکھا ہے کہ اگر کوئی عورت دعویٰ کرے کہ میری اپنی شوہر کے ساتھ خلوت ہوگئی، اس کے باوجود اس نے کوئی مہر ادا نہیں کیا تھا، تو یہ بات قابل قبول نہیں ہے؛ کیوں کہ یہ ظاہرِ حال کے خلاف ہے،(۲) لیکن بدقسمتی سے ہندوستان میں نکاح کے وقت مہر ادا کرنے کا رواج ہی نہیں رہا اور اب نوبت یہاں تک آچکی ہے کہ اگر کسی عورت کو اس کا مہر ادا کیا جائے تو وہ خوف کھانے لگتی ہے کہ کہیں شوہر کا ارادہ طلاق دینے کا تو نہیں ہے۔

## اگر مہر ادا کرنے کی نیت نہ ہو؟

اکثر حالات میں تو مہر ادا کرنے کی نیت ہی نہیں ہوتی، محض رسمی طور پر مہر مقرر کر لیا جاتا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے نکاح کیا اور مہر مقرر کیا، لیکن

---

(۱) نئے مسائل اور علماء ہند کے فیصلے، ص: ۸۸

(۲) ردالمحتار: ۳۰۰/۴ مطلب مسائل الإختلاف فی المهر

اس کے دل میں ہو کہ وہ مہر ادا نہیں کرے گا، تو اللہ تعالیٰ کی یہاں وہ زانی شمار کیا جائے گا..... **ولیس فی نفسه أن یؤدیه إلیها إلا کان عند الله زانیا** ،(۱) ایک اور روایت میں ہے کہ جس نے کسی عورت سے کم یا زیادہ مہر پر نکاح کیا اور اس کے دل میں یہ ہے کہ وہ اسے اس کا مہر نہیں دے گا، تو اس نے دھوکہ بازی کی، اگر اس کا انتقال ہوا اور اس وقت تک اس نے اس کا حق ادا نہیں کیا، تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے ایک زانی شخص کی حیثیت سے اس کی ملاقات ہوگی۔(۲)

بعض لوگ میاں بیوی کے تعلقات خراب ہونے کے وقت عورت کو تنگ کرتے ہیں، تا کہ وہ خود ہی اپنا مہر معاف کرنے پر آمادہ ہو جائے، یہ نہایت ہی ناشائستہ حرکت ہے اور بے غیرتی اور خدا ناترسی کی بات ہے، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑا گنہگار وہ شخص ہے، جو کسی عورت سے نکاح کرے، اس سے اپنی ضرورت پوری کرلے، پھر اسے طلاق دے دے اور اس کا مہر بھی نہیں دے، (۳) اس لئے پوری دیانت داری کے ساتھ نکاح کے وقت مہر ادا کرنے کی نیت رکھنی چاہیے؛ کیوں کہ جب آدمی کسی قرض کو ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، تو اللہ تعالیٰ کی مدد بھی شریک حال ہوتی ہے اور اگر طلاق کی نوبت آجائے، تو مہر سے بچنے کے لئے بہانہ تلاش نہیں کرنا چاہئے؛ بلکہ مہر کے علاوہ بھی بیوی کو بطور حسن سلوک کچھ دے کر رخصت کرنا چاہئے، جس کو ''متاع'' کہتے ہیں اور جس کی خود قرآن مجید میں تلقین کی گئی ہے، (۴) چنانچہ فقہاء نے لکھا ہے کہ اگر عورت خلع کا مطالبہ کر رہی ہو اور اس مطالبہ میں مرد کی زیادتی کا دخل ہو، یعنی اس کی طرف سے ظلم وحق تلفی پائی جانے کی بنا پر وہ خلع کا مطالبہ کر رہی ہو، تو مرد کے لئے مہر کی واپسی یا اس کے معاف کرنے کا مطالبہ کراہت سے خالی نہیں اور اگر عورت کی

---

(۱) مصنف عبدالرزاق: ۱۸۵/۶، حدیث نمبر: ۱۰۴۴۳، نیز دیکھئے: سنن بیہقی ۳۹۴/۷

(۲) مجمع الزوائد: ۵۲۳/۴، حدیث نمبر: ۷۵۰۷، بحوالہ طبرانی

(۳) مستدرک حاکم، عن عبداللہ بن عمرؓ: ۱۹۹/۲، حدیث نمبر: ۲۷۴۳

(۴) البقرہ: ۲۴۱

غلطی کی وجہ سے خلع کی نوبت آرہی ہے تو مہر کے بقدر واپس لینا یا مہر معاف کرالینا جائز ہے، تاہم بہتر یہی ہے کہ مہر ادا کردے اور اس صورت میں بھی مقدار مہر سے زیادہ کا مطالبہ مکروہ ہے۔(۱)

## ترکہ میں پہلے مہر ادا کیا جائے

اگر کسی وجہ سے زندگی میں مہر ادا نہیں کرسکے، تو بعض علاقوں میں موت کے بعد بیوی سے مہر معاف کرادیا جاتا ہے، کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ لاش سامنے رکھی ہوئی ہے اور عورتیں اخلاقی دباؤ ڈالتی ہیں کہ مہر معاف کردو، اس وقت رنج والم کی فضا ہوتی ہے اور اگر اندر سے معاف کرنے پر آمادگی نہ ہو، تب بھی حیا کے تقاضہ کے تحت وہ زبان سے انکار نہیں کرپاتی، یہ نہایت ہی ناشائستہ اور غیر شرعی طریقہ ہے، شرعی اُصول یہ ہے کہ جب کسی کا انتقال ہو، تو پہلے قرض داروں کا قرض ادا کیا جائے، پھر ورثہ میں ترکہ کی تقسیم ہو، جیسے دوسرے قرض واجب الاداء ہیں اور ان کے بارے میں بھی پوچھ ہوگی، اسی طرح مہر بھی ایک قرض ہے اور اس کی بھی اللہ کے پاس جواب دہی ہے، اس لئے مہر معاف کرانے کی کوئی وجہ نہیں، ترکہ میں سے پہلے دوسرے قرض داروں کی طرح بیوی کا بھی مہر ادا ہونا چاہئے، اس کے بعد جو بچ جائے وہ تمام ورثہ میں تقسیم ہو۔

حاصل یہ ہے کہ :

۱) مہر بیوی کا نہایت اہم شرعی حق ہے۔

۲ ) مہر نہ بہت کم ہونا چاہئے اور نہ اتنا زیادہ کہ اس کا ادا کرنا شوہر کے لئے ممکن نہ ہو۔

۳) کوشش کرنی چاہئے کہ نکاح کے وقت ہی پورا مہر یا اس کا مناسب حصہ ادا کردیا جائے۔

۴) اگر اُدھار مہر مقرر ہو تو سونے چاندی میں مقرر کیا جائے۔

۵ ) اگر شوہر انتقال تک مہر ادا نہیں کرپایا ہو، تو اس کے ترکہ میں سے دوسرے قرضوں کی طرح عورت کا مہر بھی پہلے ادا کردیا جائے، اس کے بعد ترکہ کی تقسیم ہو۔

(۱) هنديه:۱/۴۸۸، لباب الثامن فی الخلع وما فی حكمه ، الفصل الأول فی شرائط الخلع وحكمه

۶) اگر خدانخواستہ علاحدگی کی نوبت آئے، تو مہر ادا کرنے میں بہانہ بازی سے کام نہ لے اور عورت کو خلع پر مجبور نہ کرے۔

## جہیز کی شرعی حیثیت

یوں تو ماں باپ اپنی بیٹی کو کبھی بھی اور کچھ بھی تحفہ دے سکتے ہیں، لیکن آج کل لڑکی کے لئے جہیز کو جو نکاح کا ایک جزو بنالیا گیا ہے، یہ نہایت ہی غیر شرعی عمل ہے، بعض حضرات خیال کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جہیز دیا ہے، یہ غلط فہمی پر مبنی ہے، حقیقت یہ ہے کہ جیسے آپ ﷺ حضرت فاطمہؓ کے والد تھے، اسی طرح حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مربی وسرپرست بھی تھے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جب حضرت فاطمہؓ سے نکاح کے لئے پیغام دیا تو آپ ﷺ نے اسے قبول فرمایا اور ایک زرہ جو اُن کو غزوۂ بدر میں ملی تھی اسے فروخت کر کے ایک نئے گھر کے لئے جو ضروریات مطلوب ہوتی ہیں، وہ آپ ﷺ نے خرید کروادیں اور جو رقم بچ گئی وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالہ کردی؛ تاکہ مہر کا کچھ حصہ وہ اس سے ادا کردیں، اس کی تفصیل حدیث وسیرت کی کتابوں میں موجود ہے، (۱) اور یہ بھی آپ ﷺ نے اس حیثیت سے فرمایا کہ آپ ﷺ ہی عاقدین کے سرپرست ومربی تھے، اس کو اس بات سے بھی تقویت پہنچتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی باقی تینوں صاحب زادیوں حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت اُم کلثومؓ کو کوئی جہیز دینا ثابت نہیں، ظاہر ہے کہ اگر آپ ﷺ نے حضرت فاطمۃ الزہرا کو جہیز دیا ہوتو اپنی ان تین صاحب زادیوں کو بھی جہیز دیا ہوتا؛ کیوں کہ آپ نے اولاد کے درمیان عدل ومساوات کا حکم دیا ہے۔

اس لئے یہ سمجھنا درست نہیں ہے کہ جہیز دینا سنت یا مستحب ہے اور اس کا مطالبہ کرنا تو قطعاً جائز نہیں، فقہاء کی عبارتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جہیز یا کسی رقم کا مطالبہ کرنا رشوت کے حکم میں ہے، اس لئے حرام ہے، (۲) کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رشوت

---

(۱) مسند احمد، عن علیؓ: ۹۸/۱، حدیث نمبر: ۶۰۳، ۱۱۳/۱، حدیث نمبر: ۷۱۵

(۲) المحلی لابن حزم: ۱۱۹/۱۱

دینے والا اور رشوت لینے والا دونوں پر اللہ کی لعنت ہے، (۱) رشوت دینا تو بہت مجبوری کی حالت میں جائز ہے اور فقہاء نے اس کی صراحت کی ہے، (۲) لیکن رشوت لینا کوئی مجبوری نہیں ہوسکتی؛ اس لئے یہ تو بہ ہر صورت حرام ہے اور لے لیا ہو، تو واپس کر دینا واجب ہے، (۳) اس لئے جہیز اور رقم کا مطالبہ نہ صرف ظلم و گناہ ہے، بلکہ یہ حرام کھانا ہے اور وہ نکاح کیسے بابرکت ہوسکتا ہے، جو ایسے عمل پر مشتمل ہو، جس پر خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت بھیجی ہے، اس لئے نکاح کو سادہ اور آسان بنانا چاہئے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نکاح میں جتنے کم اخراجات ہوں وہ اتنا ہی بابرکت نکاح ہے، **إن أعظم النكاح بركة أيسرها مؤنة۔** (۴)

اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا کے ایک سیمینار میں ملک بھر سے آئے ہوئے مختلف مکاتبین فکر کے علماء نے متفقہ طور پر جہیز کے سلسلہ میں جو قرارداد منظور کی ہے وہ اس طرح ہے :

> آج ہماری عائلی زندگی میں لڑکوں کی خرید و فروخت کا مزاج بن گیا ہے اور انھیں مالِ تجارت بنالیا گیا ہے، کبھی لڑکوں کی طرف سے، کبھی ان کے والدین اور اقرباء کی طرف سے اور کبھی خود لڑکی والوں کی طرف سے، نہ صرف یہ کہ قیمت لگائی جاتی ہے؛ بلکہ بھاؤ تاؤ کیا جاتا ہے اور کون زیادہ سے زیادہ دے گا؟ اس کی تلاش کی جاتی ہے، شرعاً نکاح میں لڑکی والوں سے کچھ لینا، وہ چاہے تلک کے نام ہو یا گھوڑے جوڑے کے نام پر یا مروج قیمتی جہیز کے نام

---

(۱) ترمذی، عن أبی ہریرۃؓ، أبواب الأحکام، باب ماجاء فی الراشی والمرتشی فی الحکم، حدیث نمبر: ۱۳۳۶

(۲) ردالمحتار: ۳۵/۸، کتاب القضاء مطلب فی الکلام علی الرشوۃ والھدیہ

(۳) ردالمحتار: ۳۴/۸، کتاب القضاء مطلب فی الکلام علی الرشوۃ والھدیہ: ۳۰۱/۷، باب البیع الفاسد مطلب فیمن ورث مالاً حراماً

(۴) مسند احمد، حدیث نمبر: ۲۴۵۲۰، عن عائشہؓ

پر ہو، جائز نہیں، شریعت نے ''أحل لکم ماوراء ذلکم أن تبتغوا بأموالکم ''(۱) کے حکم ربانی کے ذریعہ مردوں پر نکاح میں مال خرچ کرنے کی ذمہ داری عائد کی ہے، آج ہم نے اس حقیقت کو بدل ڈالا ہے، اور عورتوں کو نکاح کے لئے مال خرچ کرنا پڑتا ہے، کبھی صریح مطالبہ ہوتا ہے اور کبھی عادت اور عرف ورواج کے تحت یہ ہوتا ہے، یہ ساری صورتِ حال چاہے اس طرح کا مال لینا ہو یا پیشکش کرنا ہو، شرعاً جائز ودرست نہیں ہے۔

اکیڈمی تمام مسلمانانِ ہند کو اس طرف متوجہ کرتا ہے کہ وہ مسلم معاشرہ کو ان خطوط پر متوجہ کریں، جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے تجویز کئے ہیں اور شادیوں کو ہر طرح سادہ رکھیں اور ارشاد نبوی ''أعظم النکاح برکۃ وأیسرھا مؤنۃ '' کے مطابق بغیر جہیز ودباؤ اور فرمائش ومطالبہ، نیز اسراف وتبذیر کے، بطریق سنت نبویہ انجام دیں۔(۲)

☆ ☆ ☆ ☆

(۱) النساء:۲۴

(۲) نئے مسائل اور علماء ہند کے فیصلے، ص:۸۹

# خواتین اور کسبِ معاش کے ذرائع

شریعت نے خاندانی نظام کے بقاء، بچوں کی بہتر نگہداشت اور خواتین کی فطری صلاحیت کی رعایت کرتے ہوئے، ذمہ داریوں کی اس طرح تقسیم کی ہے، کہ کسبِ معاش کی ذمہ داری ـــــ جس کے لئے محنت، مزدوری، دوڑ دھوپ کی ضرورت پیش آتی ہے ـــــ مرد پر رکھی گئی ہے اور اُمور خانہ داری خواتین سے متعلق رکھے گئے ہیں، اس کی یہ تعبیر درست نہیں ہے کہ عورت گھر کی خادمہ ہے؛ بلکہ صحیح تعبیر یہ ہے کہ عورت گھر کی ''مالکہ'' ہے، اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''**المرأة راعية على بيت بعلها وولده وهي مسئولة عنهم**''(۱) یعنی عورت گھر کی ذمہ دار اور اس کی انچارج ہے، عورت کو ـــــ چاہے وہ کسبِ معاش کی صلاحیت رکھتی ہی ہو ـــــ کسب معاش پر مجبور نہیں کیا جاسکتا، یہ خواتین کے لئے بہت بڑی رحمت ہے، آج مغربی دنیا میں خواتین سے دوہری خدمت لی جاتی ہے، ان کو بچوں کی پرورش اور اُمور خانہ داری کی بھی تکمیل کرنی پڑتی ہے اور ملازمت کرکے پیسے بھی کمانے پڑتے ہیں اور معاشی ذمہ داریوں میں شریک ہونا پڑتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اس تقسیم کار میں خاندانی نظام کا بقا ہے، انسانی فطرت یہ ہے کہ باہمی احتیاج اور ضرورت مندی سے تعلقات استوار رہتے ہیں اور ایک دوسرے کو برداشت کرنے کی صلاحیت باقی رہتی ہے، مزدور سرمایہ دار کو اس لئے برداشت کرتا ہے کہ اس کی روزی روٹی سرمایہ دار سے متعلق ہے، سرمایہ دار مزدور سے اپنا تعلق اس لئے موافق رکھنا چاہتا ہے کہ جب تک مزدور کے ہاتھ نہیں لگیں، محض سرمایہ سے کوئی چیز نہیں بن سکتی، یہی حال زندگی کے دوسرے شعبوں کا ہے، ازدواجی زندگی کا مسئلہ بھی اسی طرح ہے، شوہر اپنے ذہن وقلبی سکون

(۱) بخاری: کتاب العتق، باب کراهية التطاول على الرقيق، حدیث نمبر: ۲۵۵۴، مسلم: کتاب الامارة، باب فضيلة الامير العادل وعقوبة الجائر، حدیث نمبر: ۱۸۲۹

نیز گھر اور بچوں کی نگہداشت اور تربیت کے لئے بیوی کا محتاج ہے اور بیوی اپنی ضروریاتِ زندگی اور تحفظ کے لئے شوہر کی ضرورت مند ہے، یہ ایک دوسرے کی ضرورت باہم تعلقات کی استواری کا سبب بنتی ہے اور انسان ایک دوسرے کو برداشت کرتا ہے، اگر شوہر عیاشی کا راستہ اختیار کرلے اور اس کا دل بال بچوں کی محبت سے خالی ہوجائے تو بیوی سے بے اعتنائی پیدا ہوجاتی ہے اور اس کی کمزوریوں کو برداشت کرنے کی صلاحیت ختم ہوجاتی ہے، اسی طرح عورت اپنی ضروریاتِ زندگی کے بارے میں شوہر سے بے نیاز ہوجائے تو ناگواریوں کے باوجود اس سے نباہ کی صلاحیت نہیں رہتی، غرض کہ گھر اور باہر کی ذمہ داریوں کی تقسیم شوہر و بیوی کو اس بات پر مجبور کرتی ہے کہ وہ ایک دوسرے کا ہاتھ تھامے رہیں اور ہلکے پھلکے ناخوشگوار واقعات کو برداشت کرلیا کریں، مغربی ملکوں میں چوں کہ عورتوں کو گھر سے باہر لایا گیا، وہ مردوں ہی کی طرح معاشی دوڑ دھوپ میں مشغول کردی گئی؛ اس لئے طلاق کی کثرت ہوگئی، نکاح کے رشتے مکڑی کے جالے کی طرح قائم ہونے اور ٹوٹنے لگے اور اس طرح خاندانی نظام بکھر کر رہ گیا، جب خاندانی نظام بکھرا تو بچے اپنی شناخت اور ماں باپ کی محبت سے محروم ہوگئے، شوہروں کے لئے وہ سکون بخش شریکِ حیات عنقا ہوگئیں، جو پسینہ بہا کر آنے والے شوہر کا محبت کے ساتھ استقبال کرے اور بیویوں کے لئے وہ وفا شعار شوہر نہیں رہے، جو اپنی بیوی سے جاں نثارانہ محبت رکھنے والا اور جوانی کے بعد بوڑھاپے میں بھی اس کا ساتھ دینے والا ہو۔

لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اسلام خواتین پر کسبِ معاش کا دروازہ بالکل ہی بند کردیا گیا ہے، اگر وہ اپنے سرپرست یعنی شادی سے پہلے والد اور شادی کے بعد شوہر کی اجازت سے شرعی حدود کی رعایت کرتے ہوئے کسبِ معاش کی سرگرمی میں حصہ لینا چاہے، تو اس کی گنجائش ہے۔

## کسبِ معاش کی مختلف صورتیں

کسبِ معاش کی بنیادی طور پر دو صورتیں ہیں: ایک صورت ہے براہ راست معاشی

سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ، اور دوسری صورت ہے بالواسطہ سرمایہ کاری کی ، براہ راست کسبِ معاش کی چار صورتیں ہیں :

(۱) تجارت:(خرید وفروخت) (۲) زراعت:(کاشت کاری)۔

(۳) صنعت:(کاریگری) (۴) اجارہ:(کرایہ پر لگانا یا ملازمت کرنا)۔

## تجارت :

تجارت سے مراد خرید وفروخت ہے، یعنی کسی شئ کو خود یا اپنے نمائندہ کے ذریعہ خرید کرنا اور پھر نفع کے ساتھ اسے خود یا نمائندہ (وکیل) کے ذریعہ فروخت کر دینا، عورتوں کے لئے کسی شئ کا خریدنا بھی جائز ہے اور بیچنا بھی، اُم المومنین حضرت عائشہؓ نے حضرت بریرہؓ کو ان کے مالکان سے خرید فرمایا تھا، (۱) حضرت شفاء عدویہؓ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ عطر فروخت کیا کرتی تھیں، اسی طرح اسماء بنت مخرمہؓ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں عطر بیچا کرتی تھیں، عبداللہ ابن ابی ربیعہ رضی اللہ عنہ یمن سے ان کے پاس عطر بھیجتے تھے، وہ اسے فروخت کرتیں اور شیشی میں رکھ کر حوالہ کرتیں، نیز جن کے ذمہ پیسے ہوتے، ان کا اندراج بھی کر لیتیں، (۲) اس طرح کی بہت سی روایتیں موجود ہیں، اسی لئے فقہاء کا اتفاق ہے کہ خرید وفروخت کرنے والے کا عاقل و بالغ ہونا ضروری ہے، مرد ہونا ضروری نہیں ہے، عورت بھی شرعی حدود کی رعایت کے ساتھ سامان خرید اور فروخت کر سکتی ہے، یا اپنے وکیل ونمائندہ کی وساطت سے تجارت کر سکتی ہے۔

## کاشت کاری اور باغبانی

اس میں بھی کوئی اختلاف نہیں کہ کاشت کاری یا باغبانی کے لئے 'مرد ہونا' ضروری نہیں ہے، خواتین شرعی حدود کی رعایت کے ساتھ خود بھی کاشت کاری کر سکتی ہیں، باغ لگا سکتی ہیں اور دوسروں سے کام لیتے ہوئے بھی زراعت کر سکتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک کے موقع

---

(۱) ترمذی ، أبواب الولاء والهبة، حدیث نمبر:۳۱۲۵

(۲) دیکھئے: طبقات ابن سعد:۳۰۰/۸

سے تشریف لے جارہے تھے، آپ ﷺ نے وادیٔ قریٰ میں ایک خاتون کو دیکھا، جو اپنے باغ میں تھیں، آپ ﷺ نے زکوٰۃ کی مقدار کا اندازہ کرنے کے لئے باغ کی پیداوار کا اندازہ فرمایا، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وہ باغ انھیں خاتون کا تھا اور وہ خود اس کی نگرانی کررہی تھیں، (۱) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میری خالہ کو طلاق ہوگئی تھی، وہ اپنے کھجور کے پھل توڑنا چاہتی تھیں، ایک صاحب نے ان کو نکلنے سے منع کیا، انھوں نے حضور ﷺ کی خدمت میں صورتِ حال پیش کی، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیوں نہیں؟ اپنے کھجور توڑو، اس لئے کہ اُمید ہے کہ تم اس سے صدقہ کروگی، یا کوئی بہتر کام کروگی، (۲) ـــــ غرض کہ عورت زراعت اور باغبانی کے ذریعہ بھی کسب معاش کرسکتی ہے۔

## صنعت وحرفت

خواتین کے لئے ایسی صنعت وحرفت ـــــ جو اُن کی صلاحیت کے مطابق ہو اور جن میں شرعی حدود کی خلاف ورزی نہ ہوتی ہو ـــــ بھی جائز ہے، حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی زوجہ کچھ کاریگری سے واقف تھیں، خود حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور ان کے بچے بے روزگار تھے، انھوں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ میں اپنی رقم حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ پر اور بچوں پر خرچ کردیتی ہوں، صدقہ نہیں کرپاتی، کیا مجھے اس پر اجر ملے گا؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم کو اس پر بھی اجر ملے گا: ''**لک فی ذلک أجر ما أنفقت علیهم**'' یہ روایت حدیث کی مختلف کتابوں میں کہیں اختصار اور کہیں تفصیل کے ساتھ آئی ہے، (۳) حضرت سعد ابن سہل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک خاتون نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں باڈر والی چادر

---

(۱) بخاری: کتاب الزکوٰۃ، باب خرص التمر، عن أبی حمید الساعدی، حدیث نمبر: ۷

(۲) مسلم: کتاب المساقاۃ، باب فضل الغرس والزرع، مسند دارمی، باب خروج المتوفی عنہا زوجہا: ۹۰/۲، حدیث نمبر: ۲۲۹۳ (۳) دیکھئے: بخاری، کتاب الزکوٰۃ، باب الزکوٰۃ علی الزوج والأیتام فی الحج، حدیث نمبر: ۱۴۶۶، عن اُم سلمۃ: ۱۴۶۷، مزید تفصیل کے لئے: مسند احمد: ۵۰۳/۳، مسلم: کتاب الزکوٰۃ، باب فضل النفقۃ والصدقۃ علی الأقربین، حدیث نمبر: ۲۳۱۸، طبقات ابن سعد: ۲۹۰/۸

لاکر پیش کی اور عرض کیا: اللہ کے رسول میں نے اسے اپنے ہاتھ سے بُنا ہے،(۱) اسی طرح بعض صحابیات کے خنجر بنانے کا بھی ذکر ملتا ہے، موجودہ دور میں جو کمپیوٹر اور الیکٹرانک مشینوں کا دور ہے، بہت سے ایسے شعبے نکل آئے ہیں، جن میں خواتین، شرعی حدود اور نسوانی تقاضوں کی رعایت کے ساتھ کام کرسکتی ہیں۔

## کرایہ وملازمت

آمدنی کا ایک ذریعہ اجارہ ہے، یعنی اپنی چیز کرایہ پر لگا کر اُجرت حاصل کی جائے، یہ خواتین کے لئے بالکل درست ہے، اس لئے کہ آجر کا مرد ہونا ضروری نہیں، جیسے مرد اپنی مملوکہ شئ کو کرایہ پر لگا سکتا ہے، اسی طرح ایک عورت بھی اپنا مکان، یا گاڑی وغیرہ کرایہ پر لگا سکتی ہے، اجارہ کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ خود کسی کام کی ذمہ داری لے کر اس کی اُجرت حاصل کی جائے، یعنی ملازمت اور نوکری کی جائے، یہ بھی عورتوں کے لئے جائز ہے؛ بشرطیکہ شرعی حدود کی رعایت کے ساتھ ہو اور سرپرست یعنی شادی سے پہلے والد اور شادی کے بعد شوہر کی اجازت سے ہو، اس لئے کہ فقہاء نے اجیر ہونے کے لئے مرد ہونے کی شرط نہیں لگائی ہے، بلکہ اس پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ جس عورت کو دودھ آتا ہو، وہ اُجرت لے کر دودھ پلا سکتی ہے،(۲) ظاہر ہے یہ اجارہ کی ایسی صورت ہے، جو عورت ہی کے لئے مخصوص ہے، اسی طرح غلام اور باندی کی ایک خاص قسم 'مکاتب' کی ہوا کرتی تھی، جو اپنے مالک سے معاہدہ کے مطابق متعینہ رقم محنت مزدوری کے ذریعہ کما کر ادا کرتی تھی اور اسے غلامی سے آزادی حاصل ہوجاتی تھی۔

غرض کہ شریعت نے عورت پر کمانے کی ذمہ داری نہیں رکھی ہے، لیکن اگر کوئی خاتون احکام شریعت کی رعایت کرتے ہوئے شادی کے پہلے والد اور شادی کے بعد شوہر کی اجازت سے کسبِ معاش کرنا چاہے، یا شوہر نے اسے چھوڑ رکھا ہو، اس کی اور اس کے بچوں کی ضروریات

(۱) بخاری: کتاب الجنائز، باب من استعد الکفن، حدیث نمبر: ۱۲۷۷

(۲) مجمع الأنهر: ۱/۴۹۷، ولایة المرأة فی النفقه الإسلامی لحافظ محمد أنور: ۸۱-۴۸۰

کا خیال نہ رکھتا ہو اور اپنی ضروریات پوری کرنے کے لئے کسبِ معاش کرے تو اس کی اجازت ہے، اور ان صورتوں میں عورت خود ہی اپنی کمائی کی مالک ہوگی اور اس کے کمانے کے باوجود شوہر پر اس کے اور اس کے بچوں کے اخراجات واجب رہیں گے، سوائے اس کے کہ عورت خود ہی اپنی اور اپنے بچوں کی ضروریات پوری کرلیا کرے اور شوہر کو اس سے بری کردے۔

## سرمایہ کاری

کسبِ معاش کی بعض صورتیں وہ ہیں، جن میں بالواسطہ سرمایہ کاری کی جاتی ہے اور نفع حاصل کیا جاتا ہے، اس سلسلہ میں تین صورتیں زیادہ اہم ہیں :

(۱) مضاربت (۲) شرکت (۳) مزارعت۔

مضاربت میں ایک شخص کا سرمایہ ہوتا ہے اور دوسرے شخص کی محنت اور نفع میں دونوں کی شرکت ہوتی ہے۔

شرکت میں دو یا دو سے زیادہ اشخاص کا سرمایہ ہوتا اور نفع ان میں تقسیم ہوجاتا ہے۔

مزارعت یہ ہے کہ ایک شخص خود کھیتی کرنے کے بجائے، کھیت کسی کسان کے حوالہ کردے اور بٹائی پر اس سے معاملہ طے کرلے۔

یہ تینوں صورتیں ایسی ہیں کہ عمل میں شریک ہوئے بغیر انسان نفع اٹھا سکتا ہے، عورتوں کے لئے سرمایہ کاری کے یہ تینوں راستے کھلے ہوئے ہیں، وہ اپنا مال ورکنگ پارٹنر (مضارب)(۱) کو دے کر اس سے نفع لے سکتی ہے، وہ کسی شخص یا کمپنی کی سرمایہ لگانے میں 'پارٹنر' بن سکتی ہے یا شیئر خرید سکتی ہے، وہ اپنی اراضی بٹائی پر لگا کر پیداوار کی شکل میں نفع حاصل کرسکتی ہے؛ کیوں کہ سرمایہ کاری کی ان تینوں صورتوں میں سرمایہ لگانے والے کا مرد ہونا ضروری نہیں، خواتین بھی ان طریقوں پر سرمایہ کاری کرسکتی ہیں۔

اگر شریعت کے ان احکام کو پیش نظر رکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ خواتین کے لئے اسلام میں کسبِ معاش کے بہت سے راستے موجود ہیں، عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ اسلام نے

(۱) المدونة الکبریٰ: ۳۸/۴

چوں کہ مردوں اور عورتوں کے اختلاط کو روکا ہے، اس لئے عورتوں کے لئے کسب معاش کا راستہ محدود ہو گیا ہے؛ لیکن حقیقت یہ نہیں ہے، حقیقت یہ ہے کہ اس تحدید کی وجہ سے عورتوں کے لئے مواقع بڑھ گئے ہیں، مثلاً تعلیم اور صحت ہی کو لے لیجئے، اگر مخلوط تعلیم کا نظام نہ ہو، لڑکیوں کے لئے الگ اسکول اور کالج قائم ہوں اور ان کو خاتون اساتذہ کی خدمت کے لئے مخصوص کر دیا جائے تو یقیناً اس کی وجہ سے معلمات کی ضرورت بڑھ جائے گی اور وہ ذہنی دباؤ اور تناؤ سے فارغ ہو کر تدریس کی خدمت انجام دے سکیں گی، اسی طرح اگر خواتین کے لئے علاحدہ اسپتال قائم ہوں، تو خاتون ڈاکٹروں، نرسوں اور عملہ کی ضرورت میں خاصا اضافہ ہو جائے گا، یہی حال زندگی کے دوسرے شعبوں کا ہے، اس لئے سچائی یہ ہے کہ پردہ کا حکم اور اختلاط کی ممانعت کی وجہ سے عورتوں کے لئے کسبِ معاش کے مواقع بڑھیں گے نہ کہ گھٹیں گے۔

☆ ☆ ☆ ☆

# خواتین اور املاک میں تصرف کا حق

اسلام سے پہلے بہت سے مذاہب اور نظامہائے قانون وہ تھے، جن میں عورتوں کو مالک بننے کا حق حاصل نہیں تھا، وہ خود مال اور جائیداد شمار کی جاتی تھیں؛ لیکن اسلام نے بحیثیت انسان، مردوں اور عورتوں کو ایک ہی درجہ میں رکھا ہے، جیسے مرد اپنی املاک کا خود مالک ہوتا ہے اور اس میں تصرف کرنے کا مجاز ہوتا ہے، اسی طرح عورتیں بھی مالک بن سکتی ہیں اور اپنی املاک کو اپنی مرضی کے مطابق خرچ کرسکتی ہیں، چنانچہ فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ عورت کو اپنے مال پر ولایت حاصل ہوگی، وہ اپنے مال کو خرید وفروخت کرسکتی ہے، کرایہ پر لگاسکتی ہے اور دوسرے سے تصرفات کرسکتی ہے۔

جو عورت ماں بن چکی ہو، یا شادی شدہ ہو اور کچھ عرصہ شوہر کے ساتھ رہ چکی ہو، اس کے بارے میں تو تمام فقہاء کا اتفاق ہے، البتہ اگر وہ بالغ ہوچکی؛ لیکن ابھی غیر شادی شدہ ہے، تو کیا اس کا مال اس کے حوالہ کیا جاسکتا ہے اور وہ اس میں تصرف کرسکتی ہے، یا ابھی اُس کو اِس کا اختیار نہیں ہوگا؟ دوسرے: شادی کے بعد اس کو اپنے مال میں تصرف کرنے کا اختیار خرید وفروخت کی حد تک ہی ہوگا، یا وہ ایسا تصرف بھی کرسکتی ہے، جس میں اس کا کوئی فائدہ نہیں ہو، جیسے ہبہ اور صدقہ کرنا؟ — اس سلسلہ میں فقہاء کے دو نقاط نظر ہیں، ایک نقطۂ نظر احناف، شوافع، حنابلہ اور جمہور کا ہے کہ جیسے ایک لڑکے کو بالغ ہونے کے بعد اپنا مال اپنی تحویل میں لینے اور اس میں تصرف کرنے کا پورا پورا حق حاصل ہے، اسی طرح ایک بالغ لڑکی کو بھی اس کا حق حاصل ہوگا، چاہے ابھی اس کی شادی ہوئی ہو یا نہیں ہوئی ہو، نیز جیسے اس کو خرید وفروخت وغیرہ کا حق حاصل ہوگا، اسی طرح وہ اپنی چیز کسی کو ہبہ کرنا چاہے، تو یہ بھی اس کے لئے جائز ہوگا اور یہ اختیارات اسے شادی سے پہلے بھی حاصل ہوں گے اور شادی کے بعد بھی، نیز وہ اپنے تصرف میں شوہر سے اجازت لینے کی پابند نہیں ہوگی، اگر اپنے شوہر سے اجازت

لئے بغیر بھی، کسی کو کوئی چیز دینا چاہے تو دے سکتی ہے۔

دوسرا نقطۂ نظر مالکیہ کا ہے، امام مالکؒ کے نزدیک لڑکی کا مال اسے ماں بننے کے بعد، یا شوہر کے یہاں چند سال گذرنے کے بعد حوالہ کیا جائے گا اور جب مال اس کے حوالہ ہو جائے گا، تو ایسا تصرف تو وہ خود کر سکتی ہے، جس سے اس کا ذاتی یا مالی نفع متعلق ہو، لیکن ایسا تصرف، جو 'تبرع' کے قبیل سے ہو، یعنی جس کا مقصد دوسروں کے ساتھ حسن سلوک ہو، وہ اسے اپنی ایک تہائی املاک کی حد تک ہی کر سکتی ہے، اگر اس سے زیادہ مال ہبہ یا صدقہ کرنا چاہے، تو ضروری ہوگا کہ شوہر سے اجازت لے۔(۱)

ان میں سے پہلا نقطۂ نظر راجح ہے؛ کیوں کہ قرآن وحدیث سے کوئی ایسی پابندی ثابت نہیں ہوتی اور نہ اس معاملہ میں مردوں اور عورتوں کے احکام میں فرق وامتیاز معلوم ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ نے صدقہ کرنے والوں کی تعریف کرتے ہوئے، اس نیک کام کی نسبت مردوں کی طرف بھی کی ہے اور عورتوں کی طرف بھی: ''والمتصدقين والمتصدقات ''(۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عید کے موقع سے خطبہ ارشاد فرمایا اور اپنے خطبہ میں عورتوں سے خطاب کرتے ہوئے، خاص طور پر انھیں صدقہ کرنے کی تلقین فرمائی، حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اپنا کپڑا بچھایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو صدقہ کی تلقین کرتے جاتے اور خواتین انگوٹھیاں وغیرہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں ڈالتی جاتیں،(۳) حضرت زینبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطاب فرمایا: اے گروہ خواتین! صدقہ کیا کرو، چاہے اپنے زیور ہی سے کرپاؤ، 'تصدقن ولو من حليكن ''۔(۴)

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا سے مروی ہے، جو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں، ان کو ایک باندی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا فرمائی، انھوں نے اسے فروخت کر لیا،

(۱) دیکھئے: ولاية المرأة فی الفقه الإسلامی: ۵۸۸، حافظ محمد أنور (۲) الأحزاب: ۳۵

(۳) بخاری: عن ابن عباس، كتاب العيدين، باب موعظة الإمام النساء يوم العيد، حدیث نمبر: ۹۷۹

(۴) بخاری مع الفتح: ۳۲۵/۳، نیز دیکھئے: مسلم: ۲۰۳/۲، حدیث نمبر: ۱۰۰۰، باب فضل النفقة الخ مسند احمد: ۳۶۳/۶، حدیث نمبر: ۲۷۰۴۲

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ آئے اس وقت باندی کی قیمت حضرت اسماءؓ کی گود میں رکھی ہوئی تھی، انھوں نے حضرت اسماءؓ سے کہا کہ یہ پیسے مجھے ہبہ کردو، حضرت اسماءؓ نے کہا، میں نے تو اسے صدقہ کردیا ہے، **إني تصدقت بها**، (۱) ایک موقع پر حضرت اسماءؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میرے پاس تو اپنا ہی مال ہوا کرتا ہے، جو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ خانہ داری میں دیا کرتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں نصیحت کی: اے اسماء! دیتی رہو اور صدقہ کرتی رہو اور خزانہ کا منھ بند مت کرو کہ تم پر بھی بند کردیا جائے گا، (۲) ام المومنین حضرت میمونہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں باندی آزاد کردی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم نے اپنے ماموں وغیرہ کو باندی دے دی ہوتی، تو زیادہ باعث اجر ہوتا: **لو أعطيتها أخوالك كان أعظم لأجرك**، (۳) بلکہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ معاشرہ میں عام طور پر جتنی مقدار صاحب خانہ کی اجازت کے بغیر صدقہ وخیرات وغیرہ میں خرچ کی جاتی ہے، اتنی مقدار عورت شوہر کی اجازت کے بغیر بھی خرچ کرسکتی ہے اور اس میں نہ صرف اس کو اجر حاصل ہوگا؛ بلکہ اس کا شوہر بھی اجر میں شریک سمجھا جائے گا، چنانچہ ام المومنین حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ عورت اگر اپنے شوہر کے گھر سے خرچ کرلے، تو اس کو بھی اجر ہوگا اور اتنا ہی اجر اس کے شوہر کو بھی ہوگا اور ایک کی وجہ سے دوسرے کے اجر میں کمی واقع نہیں ہوگی۔ (۴)

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ جیسے مردوں کو بالغ ہونے کے بعد اپنے مال میں ہر طرح

---

(۱) مسلم مع نووی: ۱۴/۶۶ کتاب الآداب والسلام، باب جواز إرداف المرأة الأجنبية إذا أعيت في الطريق، حدیث نمبر: ۲۱۸۲ (۲) بخاری مع الفتح، کتاب الزکوٰۃ: ۳/۳۰۱، نیز دیکھئے: مسلم: ۲/۷۱۴، کتاب الزکوٰۃ، ابوداؤد مع عون المعبود: ۵/۷۹-۱۶۹۵، باب في الشح

(۳) بخاری: کتاب الهبة، باب الهبة المرأة بغير زوجها وعتقها إذا كان لها زوج، حدیث نمبر: ۲۵۹۰، مسلم: کتاب الزکوٰۃ، باب فضل النفقة والصدقة على الأقربين والزوج، حدیث نمبر: ۲۳۱۸

(۴) بخاری مع الفتح، کتاب الزکوٰۃ: ۳/۲۹۶، حدیث نمبر: ۱۴۴۰

کے تصرف کا حق حاصل ہے، یہی حق عورتوں کو بھی حاصل ہے، شادی شدہ خواتین اپنے مال میں تصرف کرنے کے لئے شوہر سے اجازت لینے کی پابند نہیں ہیں، وہ جس طرح ایسا تصرف کرسکتی ہے، جس سے ان کو دنیوی نفع حاصل ہو، اسی طرح وہ ہبہ اور صدقہ بھی کرسکتی ہیں اور یہی جمہور کا نقطۂ نظر ہے، یہ اور بات ہے کہ چوں کہ خواتین کو لوگوں کے بارے میں زیادہ تجربہ نہیں ہوتا اور وہ حالات سے مردوں کی بہ نسبت کم واقف ہوتی ہیں، اس لئے بہتر ہے کہ وہ اپنے سرپرستوں یعنی والد اور شوہر وغیرہ سے مشورہ کرلیا کریں؛ تاکہ خود ان کے مفادات کی حفاظت ہو اور وہ نقصان سے بچ سکیں، —— جن حضرات نے یہ بات کہی ہے کہ عورتوں کو اپنے مال میں تصرف کرنے کا حق ماں بننے یا شادی پر کچھ عرصہ گذرنے کے بعد ہوگا اور اس کے بعد بھی ان کو ایسا تصرف کرنے کا حق حاصل نہیں ہوگا، جو تبرع، یعنی ایک طرفہ حسن سلوک کے قبیل سے ہو، ان کا مقصد بھی عورتوں کی آزادی کو محدود کرنا نہیں؛ بلکہ انھیں کے مفادات کی حفاظت مقصود ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆